

18
ختم نبوتؐ
آیت اللہ شہید استاد مرتضیٰ مطہریؒ
شہید مطہری فاونڈیشن (پاکستان)
www.shaheedmutahhari.com

نام کتاب	ختم نبوت
مصنف	شہید آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ
ترتیب وتصحیح	قلب علی سیال
کمپوزنگ	الحمد گرافکس لاہور۔فضل عباس سیال
ناشر	شہید مطہری فاؤنڈیشن
تاریخ اشاعت	2014ء
طبع	اوّل
قیمت	

ملنے کا پتہ

معراج کمپنی

LG-3 بیسمنٹ میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

فون: 0321-4971214/0423-7361214

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عرض ناشر

''شہید مطہری فاؤنڈیشن'' دینی مواد کی اشاعت کے سلسلہ میں نیا ادارہ تشکیل دیا گیا ہے۔ادارے کا مطمع نظر عوام کو بہتر اور سستے ترین انداز میں دینی مواد بذریعہ کتب اور انٹرنیٹ فراہم کرنے کا پروگرام ہے۔اللہ تعالیٰ ادارہ ھذا کو اس عظیم کام کی انجام دہی کیلئے بھرپور وسائل عطا فرمائے۔

زیرِ نظر کتاب ختم نبوت'' شہید آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ کی سعی جمیل کا نتیجہ ہے۔نبوت، شخصی اور انفرادی پہلو سے ایک فرد انسانی کی روحانی شخصیت کی وسعت کا نام ہے اور عمومی و اجتماعی پہلو سے نبوت کا مطلب عالم انسانیت کیلئے ایک ایسا پیام الٰہی ہے جو اس کی رہنمائی کی خاطر ایک منتخب شخصیت کے ذریعہ بھیجا گیا ہے۔یہی وہ نقطہ ہے جہاں سے عقیدہ ختم نبوت سے متعلق مختلف سوالات سامنے آتے ہیں۔ قارئین حضرات اس کتاب سے بھرپور استفادہ کریں۔

معراج کمپنی'' کے پلیٹ فارم سے کتابِ ھذا مؤمنین کی خدمتِ اقدس میں پیش کی جارہی ہے۔ادارہ نے کتاب ھذا کی اشاعت میں پوری توجہ سے کام لیا ہے، تاہم اس بارے میں آپ کی ہمدردانہ آراء ہمارے لئے بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ہمیں توقع ہے کہ حسبِ سابق آپ ہماری اس مفید علمی پیشکش کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔والسلام

شہید مطہری فاؤنڈیشن

فہرست مضامین

❁❁❁❁❁

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نبوت

دین اسلام کا ظہور اس کے ابدی ہونے اور سلسلہ نبوت کے ختم ہونے کا اعلان دونوں کے درمیان کوئی فصل نہیں ہے۔

مسلمانوں نے ختم نبوت کو ہمیشہ ایک امر واقعہ کے طور پر تسلیم کیا ہے ان کے سامنے یہ سوال کبھی نہیں آیا کہ حضرت محمد ﷺ کے بعد کوئی دوسرا پیغمبر بھی آئے گا یا نہیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کریم نے سلسلہ نبوت کے ختم ہونے کا بڑی صراحت کے ساتھ اعلان کیا ہے اور پیغمبر ﷺ نے خود بھی کئی بار اس کا اعادہ کیا ہے مسلمانوں میں رسول اکرم ﷺ کے بعد کسی دوسرے پیغمبر کے ظہور کے خیال کو خدا کی وحدنیت یا قیامت کے انکار کے مشابہ اوا یمان کے منافی سمجھا گیا ہے۔

مفکرین اسلام نے ختم نبوت کے مسئلے پر اگر کوئی تحقیقی عملی کاوش کی ہے تو اس کا مقصد گمراہ کن خیالات کی بیخ کنی کرنا اور عقیدہ ختم نبوت کو زیادہ سے زیادہ واضح اور روشن کرنا رہا ہے۔

یہاں ہم وحی ونبوت کی ماہیت پر گفتگو کرنا نہیں چاہتے ۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ وحی ایک ایسی راہنمائی کا نام ہے جو غیب وملکوت کے ساتھ ضمیر کے ربط واتصال سے حاصل ہوتی ہے۔ نبی تمام انسانی اور عالم غیب سے ربط وتعلق کا ایک وسیلہ ہے درحقیقت وہ عالم انسانیت اور جہاں غیب کے درمیان ایک پل کی حیثیت رکھتا ہے۔

نبوت، شخصی اورانفرادی پہلو سے ایک فرد انسانی کی روحانی شخصیت کی وسعت کا نام ہے اور عمومی واجتماعی پہلو سے نبوت کا مطلب عالم انسانیت کیلئے ایک

ایسا پیام الٰہی ہے جو اس کی رہنمائی کی خاطر ایک منتخب شخصیت کے ذریعہ بھیجا گیا ہے۔ یہی وہ نقطہ ہے جہاں سے عقیدہ ختم نبوت سے متعلق مختلف سوالات سامنے آتے ہیں۔ کیا خاتم النبیینؐ کے بعد کسی دوسرے نبی کے ظاہر نہ ہونے اور سلسلہ نبوت کے ختم ہوجائے سے روحانی ومعنوی پہلوؤں سے انسانیت کو کسی تنزل کا سامنا کرنا پڑا ہے؟ کیا مادرِ زمانہ ایسے ملکوتی صفات فرزندوں کو جنم دینے سے عاجز ہوچکی ہے جو عالم غیب وملکوت سے رشتہ رکھتے ہوں؟ کیا ختم نبوت کا اعلان کرنے کا مطلب فطرت کا بانجھ ہوجانا اور ایسے عالی مرتبت فرزندوں کو وجود میں لانے کی صلاحیت سے اس کا محروم ہوجانا ہے؟

اس کے علاوہ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انسان خدا کی رہنمائی اور اس کے پیغام کا محتاج ہے اس کی یہ ضرورت ہی سلسلہ نبوت کے آغاز کا سبب بنی۔ ماضی میں مختلف زمانوں اور ادوار کے تقاضوں کے مطابق پیغام الٰہی کی تجدید ہوتی رہی ہے۔ پیغمبروں کا پے در پے آنا شریعتوں کی مسلسل تجدید اور کتب آسمانی کا یکے بعد دیگرے نزول اس لئے ہوا کہ ہر دور میں انسان کی ضروریات میں تغیر آتا رہا ہے اور انسان کو ہر زمانے میں ایک نئے پیغام اور ایک نئے پیغمبر کی ضرورت رہی ہے۔ جب یہ صورت ہے تو کس طرح یہ بات فرض کیا جاسکتی ہے کہ ختم نبوت کے اعلان کے ساتھ ہی یہ رابطہ یک دم منقطع ہوگیا ہے اور وہ پل کہ جس نے عالم انسانیت کو عالم غیب کے ساتھ جوڑ رکھا تھا وہ یک بیک ڈھ گیا ہے، اس کے بعد اب کوئی الٰہی پیغام انسانیت کی طرف نہیں بھیجا جائے گا تو کیا انسانیت کو فرائض اور ذمہ داریوں کے بغیر یونہی آزاد چھوڑ دیا جائے گا۔

ہم اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ نوحؑ، ابراہیمؑ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ جیسے صاحب شریعت پیغمبروں کے درمیان زمانوں میں کچھ دوسرے پیغمبروں کا سلسلہ بھی موجود رہا ہے اس سلسلے سے تعلق رکھنے والے پیغمبر اپنے سے پہلے کی شریعت

کو نافذ کرنے اور پھیلانے کا کام انجام دیتے رہے ہیں۔نوح علیہ السلام کے بعد ہزاروں انبیاء آئے ان انبیاء نے نوح علیہ السلام کی شریعت کو نافذ کیا اور پھیلایا۔حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد بھی ایسا ہی بالفرض تسلیم کرلیا جائے کہ شریعت اسلام کی آمد کے ساتھ ہی شریعت لانے والی نبوت اور شریعتوں کا سلسلہ ختم ہوگیا ہے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اسلام کے بعد تبلیغی نبوتوں کا سلسلہ کیوں منقطع ہوگیا، جب کہ ماضی میں ہر شریعت کے نازل ہونے کے بعد بے شمار پیغمبر ظاہر ہوتے رہے اور سابق شریعت کی تبلیغ ترویج اور نگہبانی کا فرض ادا کرتے رہے لیکن اسلام کی آمد کے بعد اس طرح ایک پیغمبر بھی ظاہر نہ ہوا؟

یہ ہیں وہ سوالات جو عقیدہ ختم نبوت کے بارے میں پیدا ہوتے ہیں۔

ختم نبوت کا عقیدہ اسلام نے پیش کیا ہے اور وہی اس کا جواب بھی دیتا ہے اسلام نے ختم نبوت کا عقیدہ کو ایک ایسے جامع فلسفہ کی صورت میں پیش کیا ہے کہ ذہنوں میں کوئی شک و ابہام باقی نہیں رہتا۔

اسلام کی رو سے ختم نبوت کا عقیدہ نہ انسانیت کے تنزل کی علامت ہے اور نہ انسانی صلاحیت کے نقصان کی اور نہ مادر زمانہ کے بانجھ ہو جائے کی اور نہ یہ عقیدہ اس بات کی دلیل ہے تقاضوں کے مطابق کسی رہنمائی کی ضرورت نہیں ہے۔اسلام اس بارے میں ایک دوسرا ہی فلسفہ اور توجیہ پیش کرتا ہے۔

سب سے پہلے ہمیں یہ جاننا چاہیے کہ اسلام نے خود ختم نبوت کے بارے میں کیا کہا ہے اس کے بعد ان سوالات کو جواب تلاش کرنا چاہیے ،سورہ احزاب کی آیت 40 میں ہم پڑھتے ہیں:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

محمدؐ تم مردوں میں سے کسی کا باپ نہیں ہے لیکن وہ اللہ کا رسول اور انبیاء کے سلسلہ کو ختم کرنے والا ہے۔

اس آیت میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاتم النبیین کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

خاتم کا لفظ عرب لغت کے اعتبار سے ایک ایسی چیز کیلئے بولا جاتا ہے جو کسی دوسری چیز کے سلسلے کو ختم کرنے کیلئے استعمال کی جاتی ہے اس لئے اس مہر کو خاتم کہتے ہیں جو خط بند کرنے کے بعد لفافے پر لگائی جاتی ہے۔ رواج کے مطابق انگشتری کے نگینے پر نام یا دستخط کندہ ہوتے ہیں اور وہی خطوط پر ثبت کئے جاتے ہیں اسی لئے انگشتری کو خاتم کہا جاتا ہے۔

قرآن میں جہاں کہیں اور جس صورت میں بھی ''ختم'' کا مادہ استعمال کیا گیا ہے۔ختم کرنے یا بند کرنے کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے جیسے کہ سورہ یٰسین کی آیت 65 میں آیا ہے:

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴿٦٥﴾

آج ہم ان کے منہ پر مہر لگاتے ہیں اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کرتے ہیں اور ان کے پیر جو کچھ انہوں نے کیا ہے اس پر گواہی دیتے ہیں۔

زیر بحث آیت کا انداز خود یہ بتاتا ہے کہ اس آیت کے نزول سے پہلے پیغمبر اسلام پر سلسلہ نبوت کا ختم ہونا مسلمانوں کے درمیان ایک مسلمہ امر کی حیثیت رکھتا تھا۔ مسلمان جس طرح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خدا کا رسول سمجھتے تھے اس طرح ان کے خاتم النبیین ہونے پر بھی یقین رکھتے تھے۔آیت صرف یہ یاد دلاتی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی کے باپ کی حیثیت سے نہ پکارو بلکہ حقیقی خطاب رسول اللہ اور خاتم النبیین سے آپؐ کو مخاطب کرو۔

یہ آیت عقیدہ ختم نبوت کے اصل جوہر کی جانب اشارہ کرتی ہے۔سورہ حجر کی آیت 9 میں اس طرح آیا ہے:

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ ۝۹

ہم نے خود اس کتاب کو نازل کیا ہے اور ہم خود اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

اس آیت میں قرآن کو کسی طرح بھی تحریف وتغیر اور ضیاع سے محفوظ رکھنے کا وعدہ جس قطعیت کے ساتھ کیا گیا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔

نئے نئے پیغمبروں کی آمد اور رسالت کی تجدید کے اسباب سے ایک بڑا سبب انبیاء کی لائی ہوئی مقدس کتابوں اور تعلیمات میں لوگوں کی جانب سے کیا جانے والی تحریفات اور تبدیلیاں بھی ہیں ان ہی تحریفات کے سبب سابق انبیاء کی کتابوں اور تعلیمات میں لوگوں کی ہدایت کی صلاحیت پوری طرح باقی نہیں رہی تھی۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ پے در پے پیغمبروں کو بھیجا گیا تا کہ وہ انبیاء کی فراموش کی ہوئی نعمتوں کو زندہ کریں اور ان کی تعلیمات میں جو تحریفات کی گئی ہیں ان کی اصلاح کریں۔

قطع نظر ان انبیاء کے جو صاحب کتاب وشریعت نہیں تھے بلکہ ایک صاحب کتاب وشریعت پیغمبر کے تابع تھے جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کے موسیٰ علیہ السلام کے زمانے تک آنے والے پیغمبر اور موسیٰ علیہ السلام سے عیسیٰ علیہ السلام تک ظاہر ہونے والے پیغمبر۔خود صاحب شریعت انبیاء نے بھی اپنے سے پہلے گزرنے والے پیغمبروں کے ضابطوں اور طریقوں کی تائید کی ہے۔پیغمبروں کے پے در پے آنے کا واحد سبب حالات زندگی میں تبدیلی اور کسی نئے پیغام کی انسانی ضرورت ہی نہیں بلکہ زیادہ تر اس کا سبب وہ تحریفات ،تبدیلیاں تھیں جو آسمانی کتابوں اور انبیاء کی تعلیمات میں کی گئی تھیں۔

چند ہزار سال قبل انسان میں یہ صلاحیت موجود نہیں تھی کہ وہ علمی اور دینی ورثوں کی حفاظت کر سکے ابھی انسان کے اندر اس صلاحیت کے پیدا ہونے کیلئے کافی وقت درکار تھا کہ وہ اپنے دینی ورثوں کو ہر طرح کے نقصان سے بچا کر محفوظ رکھ سکے اور اپنی تکمیل و ترقی کے ایک ایسے مقام پر پہنچ جائے جہاں پیغام الٰہی کی تجدید اور نئے پیغمبروں کی آمد کی ضرورت باقی نہ رہے اور ایک دین کی ہمیشگی کے ساتھ باقی رہنے کی لازمی شرط (کافی شرط نہیں) پوری ہو جائے ۔

متذکرہ بالا آیت نزول قرآن کے بعد سے نبوت و رسالت کی تجدید کے ایک اہم سبب کے ختم ہو جانے کی طرف اشارہ کرتی ہے اور در حقیقت ختم نبوت کی ایک بڑی بنیاد کی توثیق کرتی ہے ۔

جیسا کہ سب جانتے ہیں آسمانی کتابوں میں سے اگر کوئی کتاب کسی کمی و بیشی کے بغیر پوری طرح اپنی اصلی حالت میں محفوظ ہے تو یہ صرف قرآن مجید ہے ۔اس کے علاوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہت سی سنتیں قطعی صورت میں بلا تردید آفات زمانہ سے آج تک محفوظ چلی آ رہی ہیں ۔اہم اس بات کی بعد میں وضاحت کریں گے کہ کتاب آسمانی کو محفوظ رکھنے کا اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو ذریعہ بنایا وہ اس دور کے انسان کی رشدہ قابلیت ہے جسے انسان کے اجتماعی بلوغ کی نشانی کہا جا سکتا ہے ۔

در حقیقت ختم نبوت کے ستونوں میں سے ایک بڑا ستون انسان کا اس حد تک اجتماعی بلوغ حاصل کر لینا ہے کہ وہ اپنے علمی اور دینی ورثوں کی حفاظت کر سکے ان کی نشر و اشاعت تعلیم و تبلیغ اور تفسیر و توضیح کر سکے ۔اس پہلو پر ہم بعد میں بحث کریں گے ۔

دینِ واحد

پورا قرآن اس بات پر زور دیتا ہے کہ ابتدائے آفرینش سے لے کر قیامت تک دین ایک ہی ہے اور تمام پیغمبروں نے انسانیت کو ایک ہی دین کی طرف دعوت دی ہے۔ سورہ شوریٰ کی آیت 13 میں آیا ہے:

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى

ترجمہ: اس نے تمہارے لئے دین کا وہی طریقہ مقرر کیا ہے جس کا حکم اس نے نوحؑ کو دیا تھا اور جسے (اے محمدؐ) اب تمہاری طرف ہم نے وحی کے ذریعے سے بھیجا ہے اور جس کی ہدایت ہم ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دے چکے ہیں۔

قرآن نے ہر جگہ اس دین کو اسلام ہی کے نام سے یاد کیا ہے جس کی طرف آدم سے لے کر خاتم تک تمام انبیاء نے لوگوں کو دعوت دی ہے۔ مراد یہ نہیں ہے کہ ہر زمانے میں اس دین کا نام لفظاً اسلام ہی آیا ہے مدعا یہ ہے کہ دین جس حقیقت و ماہیت کا حامل ہے اس کا بہترین اظہار لفظ اسلام ہی سے ہو سکتا ہے۔ سورہ آل عمران کی آیت 67 میں ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں آیا ہے:

مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ط

ترجمہ: ابراہیمؑ یہودی تھا نہ عیسائی بلکہ وہ تو ایک مسلم یکسو تھا اور وہ ہرگز مشرکوں میں سے نہ تھا۔

سورہ بقرہ کی آیت 132 میں حضرت یعقوب علیہ السلام اوران کے لڑکوں کے بارے میں آیا ہے:

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَـكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ؕ﴿۱۳۲﴾

ترجمہ اسی طریقے پر چلنے کی ہدایت ابراہیم نے اپنی اولاد کو کی تھی اوراسی کی وصیت یعقوبؑ نے اپنی اولاد کو کی تھی۔انہوں نے کہا تھا کہ میرے بچو، اللہ نے تمہارے لئے یہی دین پیدا کیا ہے لہٰذا مرتے دم تک مسلم ہی رہنا۔

اس بارے میں قرآن کی آیتیں بہت زیادہ ہیں ان سے کا یہاں حوالہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ پیغمبروں کی لائی ہوئی شریعتوں اورقوانین میں باہم کچھ اختلاف رہا ہے۔قرآن جہاں تمام انبیاء کے دین کوایک ہی قرار دیتا ہے وہاں بعض مسائل میں شریعتوں اورقوانین میں اختلاف کوتسلیم کرتا ہے۔

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ

ترجمہ: ہم نے تو تم (انسانو) میں سے ہرایک کیلئے ایک شریعت اورایک راہ عمل مقرر کی۔(سورہ مائدہ آیت 48)

انبیاء علیہم السلام نے جن فکری اورعلمی اصولوں کی طرف دعوت دی ہے وہ چونکہ بغیر کسی اختلاف کے ایک ہی ہیں اس لئے وہ شاہراہ اور ہدف بھی ایک ہے جس کی جانب انسانوں کو بلانے کیلئے انہیں مامور کیا گیا تھا۔شریعتوں اورقوانین کے جزئی اختلاف کا اس جوہراور ماہیت پرکوئی اثر نہیں پڑتا جسے قرآن کی اصطلاح میں اسلام کہا گیا ہے۔ انبیاء کی تعلیمات میں باہمی فرق واختلاف کسی ملک کے مختلف منصوبوں اورلوائح عمل کا سا ہے۔ ہرچند کہ انہیں الگ الگ روبعمل لایا جاتا ہے لیکن

وہ سب ملک کے ایک ہی آئین سے ہدایت حاصل کرتے ہیں۔ پیغمبروں کی تعلیمات اپنے باہمی جزی اختلافات کے بوجود ایک دوسرے کے تکمیل واتمام کا سبب بنتی ہیں۔

پیغمبروں کی آسمانی تعلیمات کا فرق واختلاف ان مکاتب خیال کے باہمی اختلافات کی طرف نہیں ہے جو فلسفہ، سیاست اجتماعیات اور اقتصادیات سے تعلق رکھتے ہیں اور متضاد افکار کے حامل ہوتے ہیں۔ تمام انبیاء ایک ہی مکتب سے تعلق رکھتے ہیں اور سب THESTSS ایک ہی رہا ہے۔

انبیاء کی تعلیمات میں باہمی اختلاف کسی درس گاہ کی اعلیٰ وادنی جماعتوں کی تعلیمات کی طرح کا یا پھر ایک اصول کے مختلف حالات وشرائط میں نفاذ سے پیدا ہونے والا اختلاف کا سا۔

ہم اس بات سے اچھی طرح واقف ہیں کہ اعلیٰ جماعت کے طالب علم کو نہ صرف نئے نئے مسائل سے واقفیت حاصل ہوتی ہے بلکہ ان پرانے مسائل کے بارے میں بھی اس کی رائے تبدیلی ہوجاتی ہے جس کا علم اس نے ابتدائی جماعت میں حاصل کیا تھا۔ انبیاء کی تعلیمات کا بھی یہی حال ہے۔

توحید وہ پہلا سنگ بنیاد ہے جسے انبیاء نصب کرنے میں مصروف رہے ہیں لیکن یہی توحید درجات ومراتب رکھتی ہے۔ عام آدمی خدائے واحد کا جو تصور رکھتا ہے وہ ایک عارف کے قلب میں پیدا ہونے والی تجلی کی طرف نہیں ہے۔ خود عارفوں کے درجات بھی مختلف ہیں:

''اگر ابوذرؓ جو کچھ سلمانؓ کے دل میں تھا اس سے واقف ہوجاتے تو ان کے بارے میں کفر کا گمان کرنے لگے اور انہیں قتل کر دیتے''[1]

---

[1] لوعلم ابوذر مافی قلب سلمان لقتله۔ سفینۃ البحار، مادہ ''ذر''

یہ بات واضح ہے کہ سورہ حدید کی ابتدائی آیات اور سورہ حشر کی آخر آیات اور سورہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کی آیات چند ہزار سال بلکہ ایک ہزار سال پہلے کے انسان کیلئے قابل ہضم نہیں ہوسکتی تھیں، البتہ اہل توحید میں سے تھوڑے لوگ ان آیات کی گہرائی تک پہنچ سکتے تھے کتب اسلامی میں یہ بات آئی ہے کہ:

''اللہ تعالیٰ علم رکھتا تھا کہ بعد کے زمانوں میں گہری فکر رکھنے والے لوگ پیدا ہوں گے تو اس نے قل هو الله احد کی آیات اور سورہ حدید کی ابتدائی پانچ آیتیں نازل کیں۔''[1]

کسی بھی بنیادی اصول کے نفاذ کی عمل صورتیں مختلف حالات میں مختلف ہوتی ہیں انبیاء کے عملی رویے میں جو فرق واختلاف نظر آتا ہے اس کا تعلق قانون کے نفاذ سے ہے قانون کی روح سے نہیں، اس پہلو پر ہم بعد میں گفتگو کریں گے۔

قرآن نے دین کے کلمے کو کبھی جمع کی صورت میں استعمال نہیں کیا قرآن میں دین کا ذکر ہر جگہ واحد ومفرد شکل میں کیا گیا ہے کیونکہ آدم سے لے کر خاتم تک صرف ایک دین موجود رہا ہے کئی ادیان نہیں۔قرآن نے یہ صراحت بھی کی ہے کہ دین فطرت کا تقاضا انسان کے روحانی وجود کی آواز ہے:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ

اے محمد اپنا رخ (اپنی فکر) دین کی سمت جمادو اس حالت میں کہ تم وحدانیت پرست ہو، جو خدا کی فطرت (آفرینش پیدائش) ہے جس پر لوگوں کو خلق کیا گیا ہے۔(سورہ روم آیت 30)

---

[1] اصول کافی، ج ا ص ۹۱

انسان کی فطرت ،سرشت اورطبیعت گونا گوں ہے جب کہ دین ابتدائے آفرنیش سے قیامت تک ایک ہی ہے اوروہ انسانی فطرت وسرشت سے تعلق رکھتا ہے اس طرح انسان ی فطرت وسرشت بھی ایک سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے تھی۔اس میں ایک بڑاارازاور عظیم فلسفہ پوشیدہ ہے اوراسی سے ہمیں ارتقاء کا ایک خاص تصورملتا ہے ارتقاء کے نظریئے سے سب واقف ہیں اس مسئلے پر ہرجگہ گفتگوہوتی رہتی ہے۔ دنیا کا ارتقاء جانداروں کا ارتقاءانسان اورمعاشرہ کا ارتقاء۔

یہ ارتقا کی چیرہے اوریہ کس طرح صورت پذیرہوتا ہے ؟ کیا یہ اسباب کا ایک اتفاقی سلسلہ ہے جوارتقاء کی منزل تک پہنچتا ہے ؟ کیااس کی سرشت میں کوئی ایسی چیز ہے جوخود تکمیل تک پہنچتی ہے اوروہ اپنے اندرارتقاء کی خواہش رکھتی ہے اس لئے اس نے پہلے سے پنے لئے ارتقاء کی ایک راہ منتخب کررکھی ہے؟ کیاارتقاء کا عمل ہمیشہ ایک مقررہ متعین راہ پراور پہلے سے طے شدہ مقصدوہدف کے مطابق وقوع پذیرہوتا ہے یہ عمل چندایک باراتفاقی اسباب کے تحت ایک خاص راستے پرصورت پذیر ہوتا ہے اورمسلسل اپنی سمت بدلتارہتا ہے اوراپنا کوئی خاص مقصدوہدف نہیں رکھتا؟

قرآن کی روسے دنیاانسان اورمعاشرہ کا ارتقاء ایک ہدایت یافتہ باہدف عمل ہےاوریہ ایک ہی راہ پرصورت پذیرہوتا ہے جسے صراط مستقیم کہا گیا ہے۔اس عمل کا نقطہ آغازاورراہ سفراورمنزل مقصودسب متعین ومشخص ہیں۔

انسان اورمعاشرہ تغیر پذیر ہیں لیکن ان کی سمت اورراہ سفرصرف ایک ہی ہےاوروہ مستقیم ہے۔

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ

فَتَفَرَّقَ بِكُمۡ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ؕ

ترجمہ: نیز اس کی ہدایت یہ ہے کہ یہی میرا سیدھا راستہ ہے لہٰذا تم اسی پر چلو اور دوسرے راستوں پر نہ چلو کہ وہ اس کے راستے سے ہٹا کر تمہیں پراگندہ کردیں گے۔(سورہ انعام۔153)

یکی خط است از اول تابہ آخر
بر اور خلق خدا جملہ مسافر

انسانی ارتقاء کا معاملہ اس طرح کا نہیں ہے کہ وہ ہر دور میں اسباب کے ایک خاص سلسلے کے تحت (صنعتی یا اجتماعی یا اقتصادی) ایک راہ پر اپنا سفر شروع کرے اور مسلسل اپنا راستہ اور سمت دونوں بدلتا رہے۔

قرآن بڑی شدت کے ساتھ دین کے ایک ہونے پر زور دیتا ہے وہ صرف ایک شاہراہ کا قائل ہے شریعتوں اورقوانین کے اختلافات کو وہ ایسی شاخیں قرار دیتا ہے جو ایک نظریئے وعقیدہ کی جڑ سے نکلی ہوں۔

انسان ارتقاء کی راہ پر ٹھیک اس قافلہ کی مانند ہے جو ایک متعین منزل کی طرف رواں دواں ہے لیکن اس منزل تک پہنچنے کے راستے سے وہ آگاہ نہیں ہے چندقدم کے بعد وہ کسی واقف راہ سے منزل کا پتہ پوچھتا ہے۔اس کی بتائی ہوئی نشانیوں کے مطابق کم وبیش دس میل کا راستہ طے کرلیتا ہے لیکن اب اس قافلے کو پھر کسی رہنما کی ضرورت پیش آتی ہے اور وہ اس کی بتائی ہوئی علامات کے مطابق مزید دس میل کا سفر مکمل کرلیتا ہے۔اس طرح منزل کی طرف بڑھنے کی اس کی صلاحیت میں بتدریج اضافہ ہوتا رہتا ہے بالآخر اسے ایک ایسا شخص مل جاتا ہے جو اسے راہ سفر کا ایک مکمل نقشہ دے دیتا ہے اور قافلہ اسے نقشہ کے حاصل ہونے کے بعد کسی نئے رہبر کی

ضرورت سے بے نیاز ہوجاتا ہے۔

قرآن نے یہ بات اچھی طرح واضح کردی ہے کہ انسان ایک متعین و مستقیم راہ ہے اور تمام پیغمبران تمام اختلافات کے باوجود وہ زمان ومکان اور موقع محل کے مطابق انسانی معاشروں کی رہبری میں باہم رکھتے ہیں وہ ایک ہی منزل اوران ایک ہی شاہراہ کی جانب ان کی رہنمائی کرتے ہیں اس طرح قرآن نے ختم نبوت کی راہ کو ہماری نگاہوں کے سامنے خوب روشن اوراس عقیدے کو پوری طرح واضح کردیا ہے عقیدہ ختم نبوت اسی صورت میں معقول اور قابل فہم ہوسکتا ہے کہ تغیر پذیر اور ترقی پذیر انسان کی ارتقاء کی راہ متعین اور مستقیم ہولیکن اس کے برعکس انسان دوڑ دھوپ میں ہواور ہر دوسرے لمحے اس کی راہ سفر تبدیل ہوتی رہے اواس کے سفر کا مقصداور منزل متعین نہ ہواور وقت کے ہر مرحلے میں وہ ایک دوسرا ہی راستہ اختیار کرے تو پھر ختم نبوت یعنی دائمی اور کلی لائحہ عمل اور نقشہ کار معقول اور قابل فہیم نہیں قرار پاتا:

سورہ بقرہ کی آیت 143 میں اس طرح آیا ہے:

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ

اوراس طرح ہم نے تم مسلمانوں کوایک امت وسط بنایا ہے تا کہ تم دنیا کے لوگوں پر گواہ اور رسول تم پر گواہ ہو۔

قرآن کی رو سے امت مسلمہ ای کا امت وسط ہے۔

یہ بات ظاہر ہے کہ یہ امت ایسی تعلیمات کی پروردہ ہے جوتوسط وتعاول کی حامل ہے قرآن کی یہ آیت ختمی امت اور ختمی تعلیمات کا ذکر صرف ایک کلمہ کے ذریعہ کردیتی ہے اور وہ وسطیت وتعاول ہے۔

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا تمام انبیاء کی تعلیمات میں وسطیت اورتعاول موجود نہیں رہا ہے۔اس سوال کے جواب میں کچھ کہنا ضروری ہے

اس روئے زمین پر انسان ہی ایک جاندار مخلوق نہیں ہے اورصرف وہی اجتماعی انداز میں زندگی بسر کرنے کا عادی نہیں ہے ،دوسری جاندار مخلوقات بھی ہیں جومقررہ معمولات ،ایک خاص نظم اورڈھانچے کے مطابق زندگی بسر کرتی ہیں۔انسان کے برعکس ان کی زندگی جنگل کے زمانے پتھر کے زمانے لوہے کے زمانے ایٹم کے زمانے سے آشنا نہیں ہے۔روزاول سے جب سے کہ وہ وجود میں آئی ہیں ان کی زندگی کا ایک ہی منظم اورڈھانچہ ہے۔یہ انسان ہی ہے جواس آیت قرآنی کے مطابق ہے۔

وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾

ترجمہ:انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔(سورہ نساء)

اپنی زندگی کا آغاز صفر سے کرتا ہے اورترقی کے لامتناہی راستے پر آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔انسان فطرت کا ایک ہونہاراور بالغ فرزند ہے اسی لئے اسے آزادی وخودمختاری حاصل ہے اسے کسی مستقل ناظم وسرپرست اوراسی جبری ہدایت کی ضرورت نہیں جس پرعمل کرنے کیلئے کوئی پوشیدہ اندرونی قوت اسے مجبور کرے۔دوسرے جاندار جوکچھ جبلت کے سامنے سرجھکا کرانجام دیتے ہیں وہ انسان آزادانہ ماحول میں عقل وقوانین کے مطابق انجام دیتا ہے۔

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿۳﴾

ترجمہ: ہم نے اسے راستہ دکھادیا خواہ شکرکرنے والا ہے یا کفرکرنے والا۔

انسان میں انحراف وسقوط اورموجدانحطاط پایاجاتا ہے جب کہ

دوسرے جاندار ایک حالت پر قائم رہتے ہیں وہ اس بات پر قدرت نہیں رکھتے کہ سوچ سمجھ کر خود آگے بڑھیں یا پیچھے ہٹیں ، سیدھی جانب کا رخ کریں یا بائیں سمت کا، تیز چلیں یا آہستہ اس کے برعکس انسان اپنی عقل وشعور سے کام لے کر آگے بھی قدم بڑھا سکتا ہے پیچھے بھی ہٹ سکتا ہے وہ دائیں یا بائیں کسی بھی سمت مڑسکتا ہے وہ تیز بھی چل سکتا ہے اور آہستہ بھی وہ ایک بندہ شاکر بھی بن سکتا ہے اور سرکش کافر بھی۔ اسطرح وہ افراط وتفریط کے درمیان کھڑا نظر آتا ہے۔

انسان معاشرہ کبھی اس طرح عادات کا سیر اور جامد وساکن ہوجاتا ہے کہ کوئی موثر طاقت ہی اس کی زنجیروں کو کاٹ کر اسے حرکت میں لاسکتی ہے، کبھی انسانی معاشرہ پر حرص وآرزو اور نئی راہوں پر چلنے کی خواہش اس طرح مسلط ہوجاتی ہے کہ وہ فطرت کے اصول وقوانین تک کو بھلا بیٹھتا ہے اور کبھی اور غرور خود پرستی اور تکبر میں غرق ہوجاتا ہے اسے خود بینی کی راہ سے ہٹا کر زہد و پرہیز گار کی راہ پر ڈالنے کیلئے کسی اثرانداز ہونے والے طاقت کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ وہ اپنے حقوق کے ساتھ دوسروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکے، جب یہی انسانی معاشرہ آرام طلبی مادر پدر آزادی اور ظلم وستم کی راہ پر چل پڑتا ہے تو اس کے ضمیر کو جھنجھوڑنے اور اس میں حقوق کا شعور واحساس کے پیدکرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہوتا۔

یہ بات واضح ہے کہ تیزی کے ساتھ پیش قدمی ہو یا سست روی ، بائیں جانب میلان ہو یا دائیں جانب ان میں سے ہر ایک کیلئے ایک خاص لائحہ عمل کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر معاشرہ کا انحراف دائیں جانب ہو تو اصلاح کرنے والے طاقت کو اسے بائیں جانب موڑنے کی کوشش کرنی ہوگی دوسری صورت میں اسے اس کے برعکس عمل کرنا ہوگا۔

یہی وجہ ہے کہ کسی ایک زمانے اور کسی ایک قوم کی اصلاح کیلئے کوئی تدبیر دوا کی حیثیت رکھتی ہے تو وہی تدبیر دوسرے دور اور دوسری قوم کیلئے ایک مرض

مہلک میں مبتلا کرنے کا سبب بن سکتی ہے۔ چنانچہ بظاہر مختلف انبیاء کے درمیان ایک اختلاف نظر آتا ہے کسی پیامبر کو جنگ کی راہ اختیار کرنی پڑتی ہے توکسی کو صلح کی کوئی نبی نرمی سے کام لیتا ہے توکوئی سختی سے کسی پیغمبر کوانقلابی انداز میں کام کرنا پڑتا ہے توکسی کواعتدال وسلامتی کی راہ اپنانی پڑتی ہے ایک پیغمبر کا سارا دورابتلاوآزمائش سے بھرا ہوا ہے تو دوسرے پیغمبر کے حصے میں فتح ونصرت بھی آتی ہے۔انبیاء کے درمیان اختلاف کاتعلق ان کے اس رویے سے ہے جووہ اپنے زمانے کے حالات کے پیش نظر اختیار کرتے ہیں ورنہ ہدف کے اعتبار سے ان کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہدف تمام انبیاء کا ایک ہی ہے اورراستہ وہی صراط مستقیم ہے۔

قرآن کریم نے قصص انبیاء کے ضمن میں پوری طرح اس بات کی نشان دہی کی ہے کہ پیغمبروں میں سے ہرایک مبداء ومعاد سے متعلق اپنی مشترک تعلیمات کے تحت کسی ایک خاص نکتہ پر زوردیاہے وہ ایک مخصوص لائحہ عمل کے اجراء پر مامور ہوتا ہے۔ یہ بات قصص قرآن کے مطالعہ سے بخوبی روشن ہوجاتی ہے۔

مصلحین جب کسی تیزی سے آگے قدم بڑھانے والے یا پسماندہ معاشرہ میں دائیں یا بائیں جانب مائل معاشرہ میں ظہور کرتے ہیں اوراصلاح کا کام شروع کرتے ہیں تووہ یہ بھول جاتے ہیں کہ ایک متعین لائحہ عمل صرف ایک محدودمدت کیلئے قابل اجراء ہوتا ہے اورمعاشرہ کسی بھی نوعیت کا ہواسے راہ عدل پرلانے کیلئے اس سے زیادہ جدوجہد کرنی پڑتی ہے جتنی کہ دوسری جانب سے اسے انحطاط وانحراف کی راہ پرڈالنے کیلئے جاتی ہے۔

ان توضیحات کے بعد ہم زیرنظر آیت کے مفہوم کوزیادہ بہتر طریقے سے سمجھ سکتے ہیں۔

پیغمبراسلام کی رسالت تمام دوسرے نبیاء کی رسالتوں سے ان معنوں میں فرق وامتیاز رکھتی ہے کہ اس کی حیثیت قانون کی ہے کسی وقتی لائحہ عمل کی

نہیں ،انسانیت کیلئے آپ کا لا یا ہوا اساسی قانون کسی ترقی پسند یا رجعت پسند یا دائیں بازو یا بائیں بازوں کی جانب مائل معاشرہ کیلئے مخصوص نہیں ہے۔

اسلام ایک جامع اور ہمہ گیر نظام حیات ہے جو ہر موقع ومحل کیلئے کارآمد اور زندگی کے تمام جزئی طریقوں پر حاوی ہے انبیاء کسی ایک معاشرہ کیلئے مبعوث کئے جاتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس معاشرہ کیلئے ایک مخصوص لائحہ عمل لے کر آتے تھے۔ اسلام کی آمد کے بعد علماء اور امت مسلمہ کے دینی رہنماؤں کو بھی اسی طرح کام کرنا چاہیے جس طرح انبیاء نے انجام دیا تھا۔لیکن علماء مصلحین اور انبیاء کے کام کے درمیان فرق یہ ہے کہ علماء وحی اسلام کے ابدی سرچشمے سے ہدایت حاصل کر کے ایک خاص لائحہ عمل وضع کرتے ہیں اور اس کے نفاذ کی کوشش کرتے ہیں۔

قرآن دوسری آسمانی کتابوں کی وقتی کا محافظ ونگہبان قرار دیتا ہے:

وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ مِنَ الۡكِتٰبِ وَمُهَيۡمِنًا عَلَيۡهِ

ترجمہ: پھر اے نبی ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب بھیجی جو حق لے کر آئی ہے اور الکتاب میں سے کچھ اس کے آگے موجود ہے اس کی تصدیق کرنے والی اور اس کی محافظ ونگہبان ہے۔(سورہ مائدہ آیت۔48)

اسلامی نصوص سے یہ بات ثابت ہے کہ تمام انبیاء جو ایک کلی وخاتمی نبوت اور ایک اساسی قانونی کے پیشرو کی حیثیت رکھتے ہیں،اس بات کے پابندرہے ہیں کہ وہ اپنی اپنی امتوں کو ختم نبوت کے آخری دور میں دین کے اتمام وتکمیل کی خوشخبری دیں اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں تمام پیغمبروں سے عہد و پیمان لیا ہے۔

نہج البلاغہ کے پہلے خطبے میں اس ذکر بڑی عمدگی کے ساتھ کیا گیا ہے:

ولم یخل سبحانه خلقه من نبی مرسل او کتاب منزل او حجته
الازمة او محجة قائمة، رسل لاتقصر بهم قلة عددهم
ولا کثة المکذبین لهم من سابق سعی له من بعده
اوغاعرفه من قبله علی ذلك نسلت القرٰان ومضت
للدهور وسلفت الاباء خلقت الابناء الی ان بعث اللہ محمداً
رسول اللہ علیه واٰله لانجان عدته وتما ته ماخوذعلی
النبین میثاقه مشور سماته کریما میلاده

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو کبھی کسی پیغمبر یا کسی کتاب آسمانی یا کافی دلیل یا کسی روشنی طریقے سے خالی نہیں رکھا ہے۔ پیغمبروں کو ان کی قلب تعداد اوران کے مخالفین کی کثرت تعداد نے کبھی ادائے فرض سے نہیں روکا۔ ہر پیغمبر اپنے سے پہلے گزرنے والے پیغمبر سے پوری طرح متعارف رہا ہے اور خود اس کی آمد کی بشارت سابق پیغمبر کی زبان لوگوں کو ملتی رہی ہے۔ اسی طرح ایک نسل کے بعد دوسری نسل آتی رہی اور زمانہ گزرتا چلا گیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کے مطابق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلسلہ نبوت کی تکمیل کیلئے بھیجا۔ اللہ نے تمام انبیاء سے آپ کے بارے میں پہلے ہی عہدو پیمان لے رکھا تھا آپ کی نشانیاں مشہور ومعروف ہو چکی تھیں۔ اور آپ کی ولادت ایک ولادت عظیم تھی۔

اس بارے میں رسول اکرمؐ کے دو بڑے عمدہ کلمے ہم یہاں نقل کرتے ہیں:

نحن الاخرون السابقون یوم القیامة

ہم تمام پیغمبروں اور امتوں کے بعد دنیا میں آئے ہیں لیکن آخرت میں ہم سے آگے ہوں گے اور سب ہماری پیچھے آئیں گے۔

آپ کا ایک دوسرا ارشاد یہ ہے:

آدم دمن دونه تحت لوائی یوم القیامة

قیامت کے دن تمام پیغمبر میرے پرچم تلے ہوں گے۔

قیامت کے دن اس پیشروی اور پس روی اور رسول اکرمؐ کے پرچم تلے تمام انبیاء کے ہونے کا اصل سبب یہ ہے کہ تمام انبیاء رسول اکرمؐ کی بعث کیلئے مقدسہ ہیں تو آپ نتیجہ، سابق انبیاء پر جو وحی نازل ہوئی وہ ایک وقتی لائحہ عمل کے دائرہ تک محدود تھی اور رسول اکرمؐ پر نازل ہونے والی وحی ایک کلی وابدی قانون اساسی کیلئے تھی۔ مسلمان بزرگوں نے رسول اکرمؐ کے ان دو عمدہ کلمات اور معارف اسلامی کے اس اصول سے ہدایت حاصل کرتے ہوئے کہ جو کچھ اس دنیا میں ظاہر ہوتا ہے س دنیا کے واقعات کا ملکوتی ظہور ہے بڑی عمدہ اور دل پذیر باتیں کہی ہیں:

وانی وان کنت ابن آدم صورة
فلی فیه معنی شاهد بابوتی
وقبل فعالی دوتکلیف ظاهری
ختمت بشرعی الموضحی کل شرعة

مولوی نے بھی یہی مضمون باندھا ہے:

ظاہراً آن شاخ اصل میوہ است
باطناً بھر ثمر شد شاخ
گر نیودی میل و امید ثمر

کی نشاندہ باغبان بیخ شجر
پس بمعنی آن شجرازمیوہ زاد
گر بصورت از شجر بودش نہار
مصطفےٰ زین گفت کارم وانبیاء
خلف من باشند در زیر لوا
بھر این فرمودہ است آن زد فنون
رمز سخن الآخرون السابقون
گر بصورت من ز آدم زادہ ام
من بمعنی جد جد افتادہ ام
پس زمن زائدہ در معنی پدر
پس ز میوہ زاد در معنی شجر
اول فکر، آخر آمد در عمل
خاصہ فکری کو بود وصف اول

شبستری کہتا ہے:

یکی خط است از اول تابہ آخر
بر او خلق خدا جملہ مسافر
در این ری انبیاء چون سار بانند
دلیل و رہنمائی کاروانند
وزیشان سید ما گشتہ سالار
ہم او اول ہم او آخر در این کار
احد درمیم احمد گشت ظاہر

در این دور اول آمد عین آخر
ز احمد تا احد یک میم فرق است
جھانی اندرین یک میم غرق است
براو ختم آمد پایان این راه
بدومنزل شده ادعوا الی اللہ
مقام دلکشایش جمع جمع است
جمال جانفرایش شمع جم است
شده اوپیش و دلھا جملہ در پی
گرفتہ دست جا دھا دامن وی

قرآن کریم نے بعد میں آنے انبیاء (اور بدرجہ اولیٰ خاتم انبیاء) پر سابق انبیاء کی جانب سے ایمان لانے ان کی نبوت کو تسلیم کرنے بلکہ ان کی آمد پر خوشخبری دینے کا اوران کی اس ذمہ داری کا کہ وہ اپنی امت کو بھی ایسا کرنے کی ہدایت کریں اورانہیں بعد میں آنے والے انبیاء کی تعلیمات کو قبول کرنے کیلئے تیار کریں اوراسی طرح بعد میں آنے والے پیغمبروں کی جانب سے پیشرو پیغمبروں کی تائیدوتصدیق کا اوراللہ تعالیٰ کا اپنے پیغمبروں سے اس خوشخبری اس تسلیم تائیداور تصدیق پر پختہ عہد لینے کا اس طرح ذکر کیا ہے:

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

ترجمہ: یاد کروں اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا تھا کہ'' آج میں نے تمہیں کتاب اور حکمت و دانش سے نوازا ہے ۔کل اگر کوئی دوسرا رسول تمہارے پاس موجود ہے تو تم کو اس پر ایمان لانا ہوگا اور اس کی مدد کرنی ہوگی'' یہ ارشاد فرما کر اللہ نے پوچھا کیا تم اس کا اقرار کرتے ہو اور اس پر میری طرف سے عہد کی بھاری ذمہ داری اٹھاتے ہو۔انہوں نے کہا، ہاں ہم اقرار دکرتے ہیں ۔ اللہ نے فرمایا اچھا تو گوار ہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں ۔(سورہ آل عمران ۔81)

نبوتوں کا ایک رشتہ میں بندھا ہونا اور ایک نبوت کا دوسری سے مربوط ہوتے چلے جانا یہ ظاہر کرتے ہیں کہ نبوت تکمیل کی جانب ایک تدریجی سفر ہے جس کا آخری حلقہ اس کی سب سے اونچی چوٹی ہے ۔ عارفین اسلام کہتے ہیں ۔

الخاتم من ختم المراتب باسرھا

یعنی پیغمبر خاتم وہ ہے جس نے تمام مراحل طے کر لئے اور وحی کی رو سے کوئی ایسی راہ باقی نہیں رہ گئی ہے جسے اس نے طے نہ کیا ہو اور کوئی ایسا نکتہ باقی نہیں رہ گیا ہے جس کی اس نے وضاحت نہ کی ہو۔ اگر ہم یہ فرض کرلیں کہ کسی علم سے متعلق تمام مسائل حل ہو چکے ہیں تو پھر اس شعبہ میں کسی نئی تحقیق یا کسی نئے انکشاف کی گنجائش باقی نہیں رہتی ۔وحی سے متعلق مسائل کا معاملہ بھی بالکل ایسا ہی ہے ۔خدا کے آخری دستور کے آجانے کے بعد کسی نئے انکشاف اور کسی نئے پیغمبر کی ضرورت باقی نہیں رہتی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ جو کچھ انسان پر منکشف ہوا ہے اسے ایک ایسے کامل ترین مکاشفہ کی حیثیت حاصل ہے جو کسی انسان کے دائرہ امکان میں ہوسکتا ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ ایک ایسے مکمل مکاشفہ کے بعد دوسرا جو بھی مکاشفہ ہوگا وہ کوئی نیا اور جدید مکاشفہ ہوگا وہ دراصل پہلے سے طے کردہ راہ کی ہی ایک چیز ہوگی اس کے ساتھ کوئی نئی

بات نہ ہوگی، آخری بات تو وہی ہے جو اس کامل ترین مکاشفہ میں آ چکی ہے۔

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾

ترجمہ: تمہارے رب کی بات سچائی اور انصاف کے اعتبار سے کامل ہے۔ کوئی اس کے فرامین کو تبدیل کرنے والا نہیں ہے اور وہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔(سورہ انعام۔115)

انسانی فطرت کا ہدف ومقصود قرب الٰہی کے مقام تک پہنچنا ہے اور پیغمبروں کی رہنمائی کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اس اعتبار سے نبوت نظام زندگی کا ایک حصہ قرار پاتی ہے لیکن اس کا مقصود اور ہدف سب سے اونچا مرتبہ اور نبوت کا آخری درجہ ہے نہ کہ نبوت کا اولین درجہ۔ سنت الٰہی کے مطابق نبوت بتدریج درجہ کمال تک پہنچتی ہے جیسے کہ ایک عمارت بتدریج مکمل ہوتی ہے۔ عمارت کی تعمیر کا ہدف اس کے پایے اور دیواریں نہیں ایک مکمل مکان ہوتا ہے۔ نبوت کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے نبوت کا ہدف اس کی کامل صورت ہے یہی وجہ ہے کہ نبوت کا سلسلہ ایک جگہ پہنچ کر ختم ہو جاتا ہے اور مکمل ہو جاتا ہے۔ وہ مزید کسی اضافے کو قبول نہیں کرتا کیونکہ تکمیل کے بعد کوئی اضافہ کمال کے منافی ہوتا ہے اور اس کی حیثیت ایک زائد انگلی کی سی ہو جاتی ہے۔ پیغمبر اکرمؐ کی معروف حدیث میں اس جانب اشارہ کیا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا نبوت ایک مکان کی مانند ہے جو تیار ہو چکا ہے لیکن اس کے مکمل ہونے میں صرف ایک اینٹ کی جگہ باقی رہ گئی ہے اس جگہ کو میں ہی پُر کرنے والا ہوں یا میں

ہی اس آخری اینٹ کا نصب کرنے والا ہوں ۔[1]

ہم نے گزشتہ صفحات میں جو کچھ لکھا ہے وہ عقیدہ ختم نبوت کے پس منظر اوراس کی بنیادوں کی جانب رہنمائی کیلئے کافی ہے ۔

یہ بات واضح ہوگی کہ انسانی فطرت میں دین کی طلب وہ بنیاد ہے جس پر عقیدہ ختم نبوت استوار ہوتا ہے تمام انسانوں کی فطرت ایک ہے تکمیل انسانیات کا سفر ایک ایسا بامقصد سفر ہے جو ایک متعین اورسیدھے راستہ پر جاری ہے اس اعتبار سے دین حق ، جو فطرت کے تقاضوں کی وضاحت کرتا ہے اور انسان کی راہ براہ راست کی جانب رہنمائی کرتا ہے صرف ایک ہی ہوسکتا ہے ۔

ایک طریق زندگی جو انسانی فطرت کے مطابق ہو، جامع اورکلی ہواور ہرطرح کی تبدیلی وتحریف سے محفوظ ہواور جو مسائل کی اچھی طرح تشخیص کر سکے اور جسے اچھی طرح منطبق کیا جا سکے اور عمل ونفاذ کے مرحلے میں ہمیشہ رہنمائی کر سکے اور حالات کے مطابق مختلف طریقوں لائحہ عمل اور بے شمار جزئی قوانین کیلئے سرچشمہ ثابت ہو سکے انسانی فطرت کا ایک اہم تقاضا اور انسان کی ایک بنیادی ضرورت ہے آئندہ مضامین اس پہلو کو بہتر طریقے پر واضح کریں گے ۔

اب ہم ان سوالات کا جواب تلاش کرتے ہیں جن کی طرف ابتداء میں اشارہ کیا گیا تھا۔

---

[1] مجمع البیان میں اس حدیث کا متن سورہ احزاب کی آیت 40 کے ذیل میں صحیح بخاری اور مسلم کے حوالے سے اس طرح درج کیا گیا ہے: انما مثلی فی الانبیاء کمثل رجل نبی دارأفا کملها وحسنها لاموضع لبنة مکان من دخل فیها فنظر الیها قال ما احسنها الاموضع هذه اللبنة فانا موضع هذه ختم بی الانبیاء

آسمانی دروازے

پہلاسوال جس کے سبب ختم نبوت کاعقیدہ وجود میں آیاوہ عالم غیب اورانسان کے درمیان رابطے سے تعلق رکھتاہے۔وہ سوال یہ ہے کہ سب سے پہلے دور کے انسان نے اپنی جہالت اور بے علمی کے باجود وحی والہام کے راستے سے عالم غیب کے ساتھ کس طرح رابطہ پیدا کرلیا اوراس پرآسمان کے دروازے کیسے کھل گئے جب کہ ترقی یافتہ بعد کاانسان اس سے محروم رہااوراس پرآسمان کے دروازے بند ہوگئے۔

کیافی الواقع انسان کی روحانی اور باطنی صلاحیتیں کم ہوگی ہیں اوروہ اس اعتبار سے تنزل میں چلا گیاہے۔

یہ شبہ اس خیال سے پیدا ہواہے کہ عالم غیب کے ساتھ معنوی رابط وتعلق انبیاء کے ساتھ مخصوص ہے اس لئے سلسلہ نبوت کے منقطع ہونے کالازمی نتیجہ عالم غیب اورعالم انسان کے درمیان روحانی اورمعنوی رابطے کے انقطاع کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

لیکن یہ خیال اپنی کوئی بنیادنہیں رکھتا قرآن کریم بھی غیب اورملکوت کے ساتھ اتصال کے درمیان اورمقام نبوت کے درمیان لازم وملزوم کے تعلق کا قائل نہیں ہے جیسا کہ خرق عادت کووہ پیغمبری کی واحد دلیل تسلیم نہیں کرتا۔قرآن کریم ایسے اشخاص کابھی ذکرکرتاہے کہ ان کی معنوی زندگی ایسی طاقت سے بہرہ مندرہی ہے کہ انہوں نے فرشتوں کے ساتھ ہم کلامی کی ہے اوران سے خارق العادت (غیرمعمولی) امورانجام پائے ہیں حالانکہ وہ اشخاص نبی نہیں تھے، اس کی بہتر مثال عمران کی بیٹی

عیسیٰؑ مسیح کی ماں مریمؑ ہے۔قرآن نے ان کے بارے میں حیرت انگیز واقعات کا ذکر کیا ہےقرآن موسیٰؑ کی والدہ کے بارے میں بھی کہتا ہےہم نے اس کی طرف وحی بھیجی کہ موسیٰؑ کو دودھ پلائے اور جب اسے موسیٰؑ کے بارے میں کسی خوف کا احساس ہوتو اسے دریا میں بہادے ہم اسے محفوظ رکھ کر تیری طرف واپس لوٹا دیں گے۔ہمیں معلوم ہے کہ عیسیٰؑ کی ماں پیغمبر تھیں اور نہ موسیٰؑ کی والدہ۔

حقیقت یہ ہے کہ ملکوتی حقائق کے غیب وشہود کے ساتھ اتصال آواز غیبی کا سننا اور بالآخر غیب سے خبر کا پانا نبوت نہیں ہے،نبوت پیغام کا لانا ہے ہر وہ شخص جسے غیب کی خبر مل جائے،پیغام کا لانے والے نہیں ہوتا۔

قرآن اشراق اور الہام کا دروازہ ان تمام لوگوں پر کھولتا ہے جو اپنے باطن کو پاک کر لتے ہیں:

اِنۡ تَتَّقُوا اللّٰهَ یَجۡعَلۡ لَّکُمۡ فُرۡقَانًا

اگرتم خداترسی اختیار کروگے تم اللہ تمہارے لئے کسوٹی بہم پہنچادے گا۔(سورہ انفال۔29)

وَالَّذِیۡنَ جَاهَدُوۡا فِیۡنَا لَنَهۡدِیَنَّهُمۡ سُبُلَنَا ؕ

جولوگ ہماری خاطر مجاہدہ کریں گے انہیں ہم اپنے راستے دکھائیں گے۔(سورہ عنکبوت۔69)

اسی فلسفہ کے نقطہ نظر سے معنوی اور عرفانی زندگی کا ایک نمونہ پیش کرنے کیلئے نہج البلاغہ کے ایک خطبہ کا کچھ حصہ یہاں نقل کرنا کافی ہوگا۔

نہج البلاغہ کے خطبہ 220 میں اسی طرح بیان کیا گیا ہے:

ان اللہ تعالیٰ جعل الذکر جلاءللقرب تسمع بہ بعد

الوقوة وتبصر به بعد العشوة وتنقاد به بعد المائدة ومابرح لله عزت آلائه فی البرهه بعد البرهة وفی ازمان الفترات اعبادنا جاهم فی فکرهم و کلهم فی ذات عقولهم

اللہ تعالیٰ نے اپنی یادکودلوں کا صیقل قرار دیا ہے۔ دل بہرے ہوجانے کے بعد بھی اس ذکر کے ذریعہ سننے والے اور اندھے ہوجائے کے بعد دیکھنے والے اور سرکشی وعناد کی راہ پر چل پڑے کے بعد بھی مطیع وفرمانبردار ہوجاتے ہیں، ہمیشہ ایسا ہوتا رہا ہے اور آج بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ زمانے کے ہر ایک حصے میں اور ان میں جب کہ لوگوں کے درمیان کوئی پیغمبر موجود نہ ہو اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے موجود رہے ہیں اور آج بھی موجود ہیں جن کے دلوں میں وہ کوئی راز کی بات ڈالتا رہا ہے اور ان کی عقلوں کی راہ سے ان کے ساتھ بات کرتا رہا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے:

ان للہ عبادلیسوا بأنبیاء لیغبط هم النبوة

اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے بھی موجود ہیں کہ وہ پیغمبر نہیں ہیں لیکن نبوت ان پر رشک کرتی ہے۔

شیعہ ائمہ اطہار علیہم السلام کی باطنی ولایت و امامت کے قائل ہیں جب کہ وہ انہیں نبی نہیں سمجھتے اس سے بات بالکل واضح ہوجاتی ہے۔

عارفین اسلام نے عرفانی اصطلاحات میں معنی سیر وسلوک کے مراتب کو چار مرحلوں میں تقسیم کیا ہے ہم طول کلام سے بچنے کیلئے اس کے صرف دو مرحلوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

(ا) سفر از خلق بہ حق (مخلوق کی طرف سے خالق کی جانب سفر)

(ب) سفر از حق بہ خلق (خالق کی طرف سے مخلوق کی جانب سفر)

مخلوق کی جانب سے خالق کی طرف سفر پیغمبروں کیلئے مخصوص نہیں ہے پیغمبر تو معبوث ہی اسی لئے ہوئے ہیں کہ اس سفر میں انسان کی مدد کریں، جو کچھ پیغمبروں کیلئے مخصوص ہے وہ خالق کی جانب سے مخلوق کی جانب سفر ہے یعنی وہ مخلوق کی دستگیری اور ارشاد و ہدایت پر مامور ہیں اس سے مراد پیغمبر کی کثرت کی جانب واپسی ہے تاکہ اسے وحدت کی راہ دکھا سکے۔

صدر المتالھین مفاتیح الغیب کے صفحہ 13 پر لکھتے ہیں!

''وحی یعنی پیغمبری اور منصب نبوت کیلئے قلب وسماعت پر فرشتے کا نزول منقطع ہو چکا ہے اور اب کسی شخص پر کوئی فرشتہ نازل نہیں ہوگا اور اسے کسی فرمان الٰہی کے جاری کرنے پر مامور نہیں کیا جائے گا کیونکہ اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ کے حکم کے تحت جو کچھ وحی کے راستے انسان تک پہنچتا تھا وہ پہنچ چکا ہے لیکن الہام واشراق کا دروازہ کبھی بند نہیں ہوا ہے اور نہ آئندہ ہوگا، اس راہ کا مسدود ہونا ممکن نہیں۔ [1]

اس سلسلے میں پہلی بہت کچھ کہا جا چکا ہے اس کا نقل کرنا موجب طوالت ہوگا۔ ہمارے زمانے کے دانشمندوں میں سے علامہ اقبال نے ایک بڑی لطیف کی بات کہی ہے۔ اقبال نے نبی اور عارف کے درمیان (ان کے قول کے مطابق مرد

[1] صدر المتالین۔مفاتیح الغیب میں اس حدیث کو نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں: اس حدیث کو ہمارے مسلک سے اور دوسرے مسلکوں سے بھی تعلق رکھنے والے اہل حدیث نے نقل کیا ہے یعنی معتبر شیعہ وسنی محدثین نے روایت کیا ہے اس کیلئے کتاب ''الشواہد الربوبیہ'' کی آخری فصل سے بھی رجوع کیا جا سکتا ہے۔

باطنی) فرق کواس طرح واضح کیا ہے۔

ایک مرد عارف تجربہ اتحادی (وصول بہ حق) سے حاصل ہونے والے اطمینان وسکون کے بعد حیات دنیوی کی جانب واپسی کو پسند نہیں کرتا۔ اگر وہ ضرورت کی بنا پر واپس بھی آتا ہے تو انسانیت کیلئے اس کی واپسی چنداں سودمند نہیں ہوتی لیکن خلق کی طرف پیغمبر کی واپسی ثمر بخش اور تخلیق پہلو کی حامل ہوتی ہے۔ پیغمبر واپس آتا ہے اور وقت کے دھارے میں اتر جاتا ہے تاکہ تاریخ کے دھارے کو قابو میں لائے اور اس طرح کمال مقاصد سے ایک جان تازہ پیدا کرے، ایک مرد عارف کیلئے تجربہ اتحادی (وصول بہ حق) سے حاصل ہونے والا سکون ایک انتہائی مرحلہ ہے اور پیغمبر کیلئے اس کی روحانی قوت کا بیدار ہونا ہے جو ساری دنیا کو ہلا کر رکھ دیتی ہے، یہ قوت ایک ایسے انداز ے کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے کہ عالم انسانی میں ایک مکمل انقلاب برپا کردیتی ہے۔ پیغمبری کو ایک ایسی باطنی خود آگاہی رکھنے والی نوع سے تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ اس میں تجربہ اتحادی (وصول بہ حق) اپنی حدود سے باہر نکلنے کے قریب پہنچ جاتا ہے اور ایسے مواقع کی تلاش میں ہوتا ہے کہ اجتماعی زندگی کی طاقتوں کی ازسرنو توجیہ کرے یا انہیں ایک تازہ شکل دے۔ [1]

پس انقطاع نبوت سے مراد ارشاد ہدایت کیلئے خدا کی طرف سے ماموریت کا منقطع ہونا ہے خدا کی طرف سفر کرنے والوں اور سالکوں کیلئے معنوی فیض کا منقطع ہونا نہیں۔

اگر ہم نے یہ گمان کیا کہ اسلام نے ختم نبوت کے اعلان کے ساتھ معنوی زندگی کی بھی نفی کردی ہے تو ہم سخت غلطی کریں گے۔

---

[1] ''اسلام میں احیاء فکر دینی ترجمہ احمد آرام، ص123۔124

نبوت تبلیغی

دوسرا سوال یہ ہے کہ پیغمبران کرام بحیثیت مجموعی دو بڑی ذمہ داریوں کو پورا کرتے رہے ہیں۔ وہ خدا کی طرف سے انسان کیلئے قانون اور دستور العمل لاتے رہتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ وہ لوگوں کو خدا کی طرف بلانے کے ساتھ انہیں اس دور اور زمانے کے الٰہی دستور العمل پر کاربند ہونے کی دعوت دیتے رہے ہیں پیغمبروں کی اکثریت اسی دوسرے فریضے کے نجام دینے پر مامور رہی ہے۔ ایسے پیغمبروں کی تعداد بہت کم ہے جن کو قرآن اولوالعزم قرار دیتا ہے اور جن کے ذریعے قانون اور دستور العمل بھیجا گیا ہیے۔ اس اعتبار سے نبوتیں دو قسم کی رہی ہیں ایک نبوت تشریعی اور دوسری نبوت تبلیغی .... تشریعی پیغمبر جن کی تعداد بہت تھوڑی ہے۔ وہ صاحب شریعت وقانون انبیاء کہلاتے ہیں جب کہ تبلیغی پیغبروں کا کام صاحب شریعت پیغمبروں کی تعلیمات کو عام کرنا اور ان ہی کے مطابق تعلیم وارشاد کا کام انجام دینا رہا ہے، اسلام نے ختم نبوت کا اعلان کر کے نہ صرف تشریعی نبوت بلکہ تبلیغی نبوت کے سلسلے کو بھی ختم کر دیا ہے۔ آخر ایسا کیوں کیا گیا؟ امت محمد اور ملت اسلامیہ کو پیغمبروں کے ہدایت وارشاد کے اس سلسلے سے کیوں محروم کیا گیا؟

بالفرض ہم نے یہ بات تسلیم کر لی کہ تکمیل اتمام اور جامعیت وکلیت کی بنا پر تشریعی نبوت کا سلسلہ منقطع کر دیا گیا لیکن تبلیغی نبوت کے سلسلے کو کس حکمت وفلسفے کی بناء پر ختم کیا گیا؟

حقیقت یہ ہے کہ نبوت اور ہدایت وحی کی اصل ذمہ داری یعنی وہی پہلی ذمہ داری (تشریعی) ہے جب کہ تبلیغی تعلیم اور دعوت کی ذمہ داری (تبلیغی) نصف بشری

ہےتو نصف الٰہی۔

وحی اورنبوت یعنی عالم وجود کی بنیادوں سے ایک پوشیدہ اتصال اورارابطہ اورمخلوق کی ہدایت کیلئے اس کی ماموریت دراصل مظاہرہدایت کاایک مظہر ہے جوسارے عالم وجود پرحکم فرماہے۔

رَبُّنَا الَّذِيٓ اَعۡطٰى كُلَّ شَيۡءٍ خَلۡقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝۵۰

ہمارارب وہ ہے جس نے ہرچیز کواس کی ساخت بخشی پھراس کوراستہ بنایا۔(سورہ طٰہٰ۔50)

الَّذِيۡ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝۲ وَالَّذِيۡ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝۳

جس نے پیدا کیا اورتناسب قائم کیاجس نے تقدیر بنائی پھرراہ دکھائی۔(سورہ اعلیٰ۔2۔3)

موجودات زندگی کی سیڑھیوں پر چڑھتے ہوئے اس درجہ کمال کی مناسبت سےجس پروہ پہنچ جاتے ہیں ہدایت خاص سے بہرہ مند ہوتے ہیں یعنی ہدایت کی شکل اورخصوصیت زندگی کےمختلف مراحل کے اعتبار سےمختلف ہوتی ہے تمام دانشوراس بات کوتسلیم کرتے ہیں کہ حیوانات اپنی ساخت کے وسائل طبیعی کے اعتبار سےضعیف تراورناتوان توہیں لیکن وہ پوشیدہ جبلی رہنمائی کے اعتبار سے قوی ترہوتے ہیں انہیں فطرت کی ایک مستقل سرپرستی اورحمایت حاصل رہتی ہے۔وہ جس قدرطبیعی وسائل اورعقل وہمی خیالی اورحسی طاقتوں سےلیس ہوتے چلے جاتے ہیں وہ وجود کی سیڑھی پران کےقدم بلندی کی جانب اٹھتے چلے جاتے ہیں۔ان کی جبلی ہدایت میں کمی آنے لگتی ہے۔ٹھیک اس بچہ کی طرف جوکمسنی کے ابتدائی مراحل میں ماں باپ اوردوسرے اشخاص کی مستقل سرپرستی اورنگرانی سے بہرہ وررہتاہے اورجس قدروہ

رشد و بلوغ حاصل کرتا جاتا ہے والدین کی مستقل نگرانی و سرپرستی کے دائرے سے باہر نکلتا چلا جاتا ہے۔

جاندار مخلوقات کا زندگی کی سیڑھیوں پر چڑھ کر بلند ہونا اوران کا عقلی، وہمی ،خیالی ،حسی اور عضوی وسائل سے لیس ہونا ان کے استحکام واستقلال کو بڑھانا ہے اوراس اعتبار سے ان کی جبلی ہدایت کم ہوجاتی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ کیڑے سے دوسرے تمام حیوانات کی بہ نسبت جبلی ہدایت سے زیادہ لیس ہوتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ تکمیلی مراحل کے اعتبار سے سب سے نچلے درجہ میں ہیں اور انسان جو تکمیل کی سیڑھی کے سب سے اونچے مقام پر پہنچا ہوا ہے تمام مخلوقات کی بہ نسبت جبلی ہدایت میں کمزور تر ہے۔

وحی ہدایت کے عالی ترین مراتب ومظاہر میں سے ایک ہے۔وہ اپنے اندر ایک ایسی رہنمائی رکھتی ہے جو حس خیال عقل علم اور فلسفہ کی دسترس سے باہر ہے ان میں سے کوئی چیز وحی کی جگہ نہیں لے سکتی وحی تشریعی ہی اس خصوصیت کی حامل ہے وحی تبلیغی نہیں وحی تبلیغی کا معاملہ دوسرا ہے۔

انسان اس وقت تک تبلیغی وحی کا محتاج رہتا ہے جب تک اس کی عقل علم اور تمدن کا درجہ اس مقام تک بلند نہیں ہوجاتا کہ وہ خود اپنے دین کے بارے میں دعوت ،تعلیم ،تبلیغ تفسیر اوراجتہاد کا فرض انجام دے سکے۔علم اور عقل کا ظہور دوسرے الفاظ میں انسانیت کا رشد وبلوغ خود وحی تبلیغی کو ختم کردیتا ہے اور علماء ان انبیاء کے جانشین قرار پاتے ہیں۔

جیسا کہ ہمیں معلوم ہے قرآن نے اپنی نازل ہونے والی پہلی آیت میں پڑھنے لکھنے کی اور قلم وعلم کی بات کی ہے۔

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ‌ۚ‏ ﴿۱﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ‌ۚ‏ ﴿۲﴾ اِقۡرَاۡ

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝

پڑھو (اے نبی) اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے پیدا کیا جمے ہوے خون کے ایک لوتھڑے سے انسان کی تخلیق کی، پڑھو اور تمہارا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا۔ (سورہ علق۔1 تا 5)

یہ آیت اس بات کا اعلان کرتی ہے کہ قرآن کا عہد پڑھنے لکھنے سکھانے کا اور علم و عقل کا عہد ہے۔ یہ آیت ہمیں اشارتاً بتاتی ہے کہ قرآن کے اس دور میں تعلیم تبلیغ اور آسمانی آیات کی حفاظت کی ذمہ داری علماء کی طرف منتقل کر دی گئی ہے اور علماء اس اعتبار سے انبیاء کے جانشین قرار پاتے ہیں۔ اس آیت نے اس عہد میں بشریت کے استقلال اور بلوغ کا اعلان کیا ہے۔ قرآن نے اپنی تمام آیات میں تدبر عقلی استدلال فطرت کے تجرباتی وعینی مشاہدہ تاریخ کے مطالعہ اور گہرے غور وفکر کی دعوت دیتا ہے۔ یہ سب ختم نبوت کی اور وحی تبلیغی کی جگہ علم و عقل کے جانشین ہونے کی نشانیاں ہیں۔

قرآن کیلئے جس قدر کام ہو چکا ہے کیا کسی دوسری آسمانی کتاب کیلئے اس قدر کام انجام دیا گیا ہے؟ نزول قرآن کے ساتھ ہی قرآن کے ہزاروں حفاظ پیدا ہو گئے۔ نزول قرآن کو ابھی نصف صدی بھی نہیں گزری تھی کہ علوم قرآنی کی خاطر نحو وصرف قواعد زبان اور عربی زبان کی لغات کی تیاری کا کام شروع ہو چکا تھا۔ معانی بیان اور بدایع کا علم ایجاد ہوا، ہزاروں تفسیریں اور ان کے مفسرین، تفسیر قرآن کی درگاہیں وجود میں آ گئیں قرآن کے لفظ لفظ کے بارے میں تحقیق کا کام ہونے لگا اس کام کا زیادہ حصہ ان لوگوں کے ہاتھ انجام پاتا رہا جن کی مادری زبان عربی نہیں ہے۔

صرف یہ قرآن سے متعلق خاطر ہی ہے جس نے اس قدر جوش وجذبہ پیدا کر دیا۔ یہ ساری سرگرمیاں آخر توریت ،انجیل اوراوستا کیلئے کیوں ظاہر نہیں ہوئیں؟ کیا خود یہ بات بشریت کے رشد و بلوغ اور کتاب آسمانی کی تبلیغ وتعلیم وحفاظت اس کی صلاحیت پر ولالت نہیں کرتی ؟ کیا یہ اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ عقل ودانش نبوت تبلیغی کی جانشین بن گئی ہے۔

انسان اپنے ابتدائی دور میں مکتب کے اس کمسن بچے کی طرح تھا جو چند روز بعد ہی اپنی کتاب کو پھاڑ کر پھینک دیتا ہے اس کے برعکس عہد اسلامی کا انسان ایک بزرگ عالم کی طرح ہے کہ وہ جس قدر اپنی کتابوں کا بار بار مطالعہ کرتا ہے اسی قدر ان کے مضامین اسے یاد ہوتے چلے جاتے ہیں اور وہ ان کی گہرائی میں اترتا چلا جاتا ہے۔

انسانی زندگی کو بالعموم عہد تاریخ اور تاریخ سے پہلے کے عہد کے دوادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے۔تاریخ کا عہد اس دور کو کہا جاتا ہے جس میں انسان اپنی یادداشتوں کو کتبوں اور کتابوں کی صورت میں محفوظ کرنے کے قابل ہو گیا تھا۔اس دور کی زندگی کے بارے میں ان یادداشتوں کو فیصلہ کن قرار دیا جاتا ہے لیکن ماقبل تاریخ کے عہد کے ایسے کوئی آثار موجود نہیں ہیں جو اس زمانے کی زندگی کے بارے میں فیصلہ کی بنیاد بن سکیں۔

لیکن ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ عہد تاریخ کے آثار بھی زیادہ تر پراگندہ اور منتشر ہیں البتہ اس عہد کا وہ آخری ظہور اسلام کے دور سے پوری طرح متصل ہے جس میں انسان نے اپنی تاریخ اور آثار کو منظم طریقے پر نسل بہ نسل منتقل کرنا شروع کر دیا تھا۔خود اسلام کو اس رشد عقل کا ایک بڑا عامل سمجھا جاتا ہے۔عہد اسلامی میں مسلمانوں نے خود اپنے آثار کی حفاظت ونگہداشت کا کام شروع کر دیا تھا۔اس کے ساتھ مسلمانوں نے پچھلی قوموں کے آثار کی بھی کم وبیش حفاظت کی اور انہیں بعد کی

نسلوں کی طرف منتقل کرتے رہے۔ یہ ختم نبوت کا قریبی زمانہ ہی ہے کہ جس میں انسان نے اپنے علمی اور دینی ورثوں کی حفاظت کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ امر واقع یہ ہے کہ حقیقی عہد تاریخ ظہور اسلام کے عہد سے بالکل متصل ہے۔ گزشتہ ادوار میں ایک طرف نفیس علمی، فلسفی اور دینی آثار کا ظہور ہوا اور دوسرے طرف یہ آثار آب و آتش کی نذر بھی ہوتے رہے۔ تاریخ میں اس کی دردناک تفصیلات پوری طرح محفوظ ہیں۔

اسکندریہ کا عظیم علمی مرکز مشرقی روم کی شہنشاہیت پر مسیحت کے اثر و رسوخ کے بعد تباہ ہوگیا اور اس مرکز کا تاریخ کتب خانہ متعصب عیسائیوں کے ہاتھوں نذر آتش ہوگیا۔ [1]

علم کے ظہور اور ترقی کے ایک ایسے درجے تک انسان کی رسائی کہ وہ دین آسمانی کا محافظ داعی اور مبلغ بن سکے، نبوت تبلیغی کی ضرورت باقی رہنے نہ دی اور اس کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ یہی وجہ ہے پیغمبر اکرمؐ نے اس امت کے علماء کو انبیاء بنی اسرائیل کی مانند کہا ہے۔

علامہ اقبال نے ایک بڑی عمدہ بات کہی ہے:

---

[1] کافی عرصہ پہلے یہ بات شائع کی گئی تھی کہ اس کتب خانے کو مسلمانوں نے مصر کی فتح کے موقعہ پر نذر آتش کیا تھا۔ یہ بے بنیاد بات اس قدر پھیلائی گئی کہ بعد کے ادوار میں مسلمانوں نے خود اپنی کتابوں میں اسے نقل کرنا شروع کر دیا تھا۔ قطع نظر اس کے کہ کسی معتبر کتاب میں یہ واقعہ نقل کیا گیا ہے، حال ہی میں محققین نے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ یہ کتب خانہ متعصب عیسائیوں کے ہاتھوں تباہ ہوا تھا اور اس واقعہ کو مسلمانوں سے منسوب کرنے والا بھی ایک عیسائی ہے کہ جو اس واقعہ کے دو سو سال بعد گزرا ہے۔ ویل دورانت کی کتاب ''تاریخ تمدن'' کے ترجمہ کی گیارہ جلد کے صفحہ 219 پر دیکھیں اور شبلی نعمانی کے رسالہ کتا نجانہ اسکندریہ سے جو اسی موضوع پر لکھا گیا ہے رجوع کریں۔

''پیغمبر اسلام دنیائے قدیم اور دنیائے جدید کے درمیان کھڑے ہیں الہام کے سرچشمے سے جب آپ کا رشتہ جوڑا جاتا ہے تو دنیائے قدیم سے آپ کا تعلق پیدا ہو جاتا ہے اور جب روح الہام کو بروئے کار لایا جاتا ہے تو دنیائے جدید سے آپ کا ربط قائم ہو جاتا ہے۔ زندگی نے آپ کی ذات میں معرفت کے وہ دوسرے سرچشمے دریافت کر لئے ہیں جو اس (زندگی) کے نئے سفر کیلئے موزوں ہیں۔ اسلام کا ظہور دراصل استدلالی اور استقرائی عقل کا وجود میں آنا ہے۔ ظہور اسلام کے ساتھ رسالت، خود نبوت کے اختتام پذیر ہونے کی ضرورت کے نتیجے میں، حد کمال کو پہنچ جاتی ہے جس سے لازماً یہ دانش مندانہ نتیجہ نکلتا ہے کہ زندگی ہمیشہ کمسنی کے مرحلے میں اور باہر سے رہنمائی کی محتاج نہیں رہ سکتی۔ اسلام میں کاہنی (فالگیری) اور موروثی سلطنت کی نفی اور قرآن میں عقل اور تجربہ پر دائمی توجہ اور اس کتاب مبین کا فطرت اور تاریخ کو معرفت بشری کے سرچشموں کی حیثیت دنیا دراصل ختم نبوت کے واحد عقیدے کے مختلف خدوخال ہی۔ عقیدہ ختم نبوت کے یہ معنے نہیں لینے چاہئیں کہ زندگی کی انتہائی سرنوشت یہ ہے کہ عقل کامل جذبات و احساسات کی جگہ حاصل کر لے۔ یہ بات یہ ممکن ہے اور نہ مطلوب''[1]

اسلام نے اعلان ختم نبوت کے ضمن میں اپنی ابدیت کا اعلان کیا ہے:

حلال محمد حلال الی یوم القیامة وحرام محمد حرام الی یوم القیامة

ترجمہ: محمدؐ کا حلال کیا ہوا قیامت تک حلال ہے اور محمدؐ کا حرام کیا ہوا قیامت

[1] اسلام میں دینی فکر کا احیاء ص 145

تک حرام ہے۔[1]

سوالات اوراعتراضات کی ساری بوجھاڑ کاتعلق اسی موضوع سے ہے کہا جاتاہے کہ کسی چیز کی لئے ہمیشگی ممکن ہے؟

دنیامیں ہر چیز فانی ہےاس دنیا کی اصل بنیادتغیر ہے، دنیامیں صرف ایک ہی چیز جاددانی ہےاوروہ یہ ہے کہ کسی چیزکوہمیشگی حاصل نہیں۔

ہمیشگی اورابدیت کے منکر کبھی اپنی باتوں کوفلسفہ کارنگ دے دیتے ہیں اور دلیل میں تغیر وتبدل کےاس قانون کوپیش کرتے ہیں جوفطرت کاایک مجموعی قانون ہے۔

اگرہم مسئلے پراس نقطہ نظر سے غورکریں تواعتراض کاواضح جواب مل جاتاہے کہ وہ چیز جو ہمیشہ تغیر وتبدل سے دوچاررہتی ہے وہ مادہ اوردنیا کی مادی ترکیبات ہیں لیکن قوانین اورانتظامات خواہ وہ طبیعی نظامات ہوں یاوہ اجتماعی نظامات جوطبیعی اصولوں سے ہم آہنگ ہوں اس قانون تغیر وتبدل کےتحت نہیں آتے۔ستارے اورشمسی نظامات ظاہر ہوتے ہیں اور چنددنوں بعد فرسودہ اورفانی ہوجاتے ہیں لیکن قانون کشش اپنی جگہ باقی رہتاہے۔نباتات اورحیوانات وجود میں آتے ہیں اورفنا ہوجاتے ہیں لیکن قوانین حیات باقی رہتے ہیں۔

یہی حال انسانوں اوران کی زندگی کے قانون کاہے۔انسان جن میں پیغمبر بھی شامل ہیں دنیاسے رخصت ہوجاتے ہیں لیکن پیغمبر کالایاہواآسمانی قانون زندہ اور تابندرہتاہے۔

مصطفیٰ راوعدہ دادالطاف حق
گربمیری تو نمیرد این سبق

---

[1] اصول کافی ج2،ص17

مظاہر فطرت تغیر پذیر ہیں قوانین فطرت کو تغیر نہیں، اسلام قانون ہے نہ کہ مظاہر کائنات میں سے ایک مظہر، اسلام اسی صورت میں مردہ ہوسکتا ہے کہ وہ قوانین فطرت سے ہم آہنگ نہ ہو لیکن جب اسلام کا اپنا دعویٰ ہے کہ وہ فطرت اور انسانی سرشت سے اور اس کے معاشرے سے تازگی اور قوت حاصل کرتا ہے اور قوانین فطرت سے ہم آہنگ ہے تو آخر وہ کس طرح ہوسکتا ہے؟

کبھی اجتماعیت کے پہلو سے اعتراض کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اجتماعی ضوابط اجتماعی تقاضوں کی بنیاد پر وضع کئے جاتے ہیں جب معاشرہ کی ضروریات قوانین اجتماعی کی بنیاد ہیں تو ان کا عوامل تمدن کی توسیع و تکمیل کے ساتھ ساتھ متغیر ہونا بھی ضروری ہے۔ ہر زمانے کے ضروریات دوسرے زمانے کی ضروریات سے مختلف ہوتی ہیں ،میزائیل طیاروں بجلی اور ٹیلی ویژن کے اس جدید دور کی ضروریات گھوڑوں، خچروں اور اونٹوں کی پرانے زمانے کی ضروریات سے قطعی مختلف ہوں گی۔ یہ کسی طرح ممکن ہے کہ اس جدید دور کیلئے بھی وہی ضوابطہ نافذ ہوں جو پرانے زمانے میں رائج تھے۔ دوسری الفاظ میں عوامل تمدن کے اندر ترقی وتوسیع لازماً نئے تقاضے پیدا کرے گی۔ اس لئے جبر تاریخ کا راستہ روکنا اور زمانے کو ایک ہی حال پر رکھنا ممکن نہیں ہے اور زمانے کے تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگی اختیار نہ کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ جامد اور یکساں ضوابط کا پابند رہنا مققضیات زمانہ کے ساتھ مطابقت اور لچک پیدا کرنے اور تمدن کے قافلے کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔

بے شک اہم ترین مسئلہ جس سے اس دور میں مذاہب خصوصاً اسلام دوچار ہے یہی مسئلہ ہے۔ ہماری نئی نسل بجز تغیر وتبدل اور جدت طلبی اور زمانے کے نئے نئے تقاضوں کے سوا کچھ نہیں ہوچتی۔ نئی نسل کا سامنا کرتے ہوئے جو بات سب سے

پہلے کانوں تک پہنچتی ہے وہ یہی ہے اس نسل کے انتہا پسندوں کے نقطہ نظر سے مذہب اور نوطلبی دو متضاد وجود ہیں نوطلبی کی خاصیت حرکت اور ماضی سے منہ موڑ نا ہے جب کہ مذہب کی خاصیت جمود سکون، ماضی سے وابستگی اور موجودہ وضع کی حفاظت کرنا ہے۔

اسلام کو دوسرے ہر مذہب سے زیادہ اس طرز فکر کے حامل گروہ سے مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے اسلام کا ابدیت وہمیشگی کا دعویٰ اس گروہ کیلئے بڑا نا قابل برداشت ہے۔ اسلام زندگی کے تمام شعبوں میں عمل دخل رکھتا ہے۔ خدااور بندے کے درمیان تعلق سے لے کرافراد کے اجتماعی روابط، خاندانی روابط فرداوراجتماعی کے روابط انسان اوراس دنیا کے باہی روابط سب ہی سے وہ بحث کرتا ہے۔ اگراسلام دوسرے مذاہب کی طرف چندرسوم، عبادات اورخشک اخلاقی ضوابط تک محدود ہوتا تو پھراس کیلئے کوئی دشوری نہ تھی لیکن وہ اپنے اس قدر مدنی فوجداری، دیوانی سیاسی اجتماعی اور خاندانی قوانین وضوابط رکھتے ہوئے کیا کرسکتا ہے؟

ہم نے اوپر جواعتراض نقل کیا ہے اس میں جبر تاریخ ضروریات میں تغیر مقتضیات زمانہ کی رعایت جیسے نکات کواٹھایا گیا ہے اس لئے اعتراض کے ان تین اصل نکات پر مختصراً بحث کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد اسلام کے نقطہ نظر سے ہم اس اعتراض کو رفع کرنے کی کوشش کریں گے ان محدود صفحات میں بحث کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنا ممکن نہیں ہے ایک ایسا مسئلہ جو فلسفہ، فقہ تاریخ اوراجتماعیات سب ہی سے متعلق ہے ایک ضخیم کتاب کی وسعت چاہتا ہے جسے برسوں کے مطالعہ کا حاصل قرار دیا جاسکے ۔ تاہم توقع ہے کہ یہ مختصر مقالہ اس اشکال کے رفع کرنے میں مدد دے گا۔

جبر تاریخ

یہ کلمہ دو اجزاء سے مرکب ہے، جبر اور تاریخ۔ جبر کا مطلب کسی چیز کا حتمی اور یقینی ہونا ہے۔ فلاسفہ کی اصطلاح میں اسے ضرورت اور وجوب کہا جاتا ہے مثلاً جب ہم ۵ x ۵ کہتے ہیں تو یہ ضرب کھانے والے دونوں اعداد ضرورتاً اور جبراً ۲۵ کے مساوی ہوں گے یعنی حتماً ایسا ہی ہے اس کے خلاف ہونا ممکن نہیں ہے۔ یہ بات ظاہر ہے کہ جبر کا لفظ اصطلاحاً ایک فلسفیانہ مفہوم رکھا ہے۔ اس سے ہٹ کر جبر کا مفہوم حقوقی فقہی اور عرفی ہے یعنی یہ لفظ اکراہ اور جبریہ اعمال کیلئے استعمال کیا جاتا ہے ۵x۵ اپنی ذاتی ساخت کی بناء پر ۲۵ کے مساوی ہے یہ کسی جبری قوت اور جبریہ عمل کی وجہ سے نہیں ہے۔ لیکن تاریخ، تاریخ یعنی حادثات کا مجموعہ جو انسان کی سرگزشت کو تشکیل دیتا ہے انسانی سرگزشت ایک راستہ طے کرتی ہے۔ کچھ ایسی طاقتیں کارفرما ہیں جو اسے حرکت میں لاتی ہیں اور اسے قابو میں رکھتی ہیں جیسے ایک دستی پہیہ یا ایک کارخانہ جسے ہاتھ یا بھاپ کی طاقت سے چلایا جاتا ہے۔ تاریخ کو بھی کچھ عوامل اور طاقتیں حرکت میں رکھتی ہیں۔ اسے گردش میں لاتی ہیں اور آگے بڑھاتی ہیں۔ اس اعتبار سے جبر تاریخ کا طلب سرگزشت بشر کا حتمی اور پابند ہونا ہے جب ہم یہ کہتے ہیں کہ تاریخ خی حرکت جبری ی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ انسان کی اجتماعی زندگی میں کچھ ایسے طاقتور عوامل ہیں جو اپنے قطعی اثرات رکھتے ہیں۔ ان سے بچنا ممکن نہیں ان عوامل کی تاثیر یقینی اور حتمی ہوتی ہے۔

جبر تاریخ کے کلمے نے ہمارے اس دور میں بڑی قدر و قیمت حاصل کر لی ہے۔ یہ کلمہ موجودہ زمانے میں وہی کردار ادا کر رہا ہے جو اس نے ماضی میں

قضاوقدر کے پردہ میں ادا کیا تھا حوادث زمانہ کے آگے سپر ڈال دینا اور اپنی غلطیوں کے غدر تراشنا اس کا مدعا ہے۔

یہ ایک شیر خونخوار ہے کہ اس کے مقابل تسلیم ورضا کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ ماضی میں اس کا نام قضاوقدر تھا اور موجودہ دور میں اسے جبر تاریخ کہا جاتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ قضاء وقدرر اور جبر تاریخ دونوں کلمہ صحیح فلسفیانہ مفہوم کے حامل ہیں ان کے حقیقی مفہوم کو نہ سمجھنا ہی غلط تغیر کا سبب بنا ہے۔ہم نے اپنی کتاب ''انسان وسرنوشت'' میں قضاء قدر کے بارے بحث کی ہے لیکن جبر تاریخ:

یہ کہ انسانی سرگزشت دنیا کے تمام حوادث کی طرح نہ تبدیل ہونے والا قانون رکھتی ہے اور تاریخی عوامل دوسرے تمام عوامل کی طرح قطعی اور لازمی تاثیرات رکھتے ہیں۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔قرآن کریم نے جو دسنتہ اللہ کہہ کر اس کی تائید کی ہے لیکن ان عوامل کی تاثیر کی نوعیت اصل مسئلہ ہے۔کیا تاریخ کے جبر عوامل کا اثر اس صورت میں ظاہر ہوتا ہے کہ ہر چیز وقتی محدود اور زوال پذیر ہو کر رہ جاتی ہے یا اس کی کوئی دوسری صورت بھی ہے؟

ظاہر ہے اس مسئلے کا تعلق عوامل کی نوعیت سے ہے۔اگر تاریخ کو گردش میں لانے والے عوامل مضبوط اور پائیدار ہوں گے تو ان کی جبری تاثیر کا نتیجہ اس شکل میں ظاہر ہوگا کہ وہ گردش وتسلسل کو برقرر رکھیں گے۔ اگر اس کے برعکس یہ عوامل ناپائیدار ہوئے تو ان کے نتائج وآثار بھی ناپائیدار ہوں گے تاریخ عوامل میں سے ایک عامل کا تعلق خاندان اور جنس سے ہے۔یہ ایک مضبوط اور پائیدار عامل ہے اور یہ ہمیشہ خاندان کی تشکیل رفیق زندگی انتخاب اور بچوں کی تولید میں موثر رہا ہے۔تاریخ کے طویل دور میں خاندانی زندگی کے خلاف تھیں جبر تاریخ کا تقاضہ یہ تھا کہ خاندانی زندگی باق رہے۔

ایک دوسرا تاریخی عامل مذہب ہے۔ پرستش انسان کی سرشت میں شامل ہے، یہ کسی نہ کسی صورت میں موجود رہی ہے۔ یہ عامل تاریخ کے تمام ادورا میں موثر رہاہےاوراس نے مذہب پر سےتوجہ کو ہٹنےنہیں دیا۔

غرض یہ کہ جبرتاریخ کوکسی محدود اوروقتی چیز کے مساوی قرار دے کر ہرقانون اورقاعدہ کی ناپائیداری پر دلیل لاناایک بڑی غلطی ہے۔

جبرتاریخ اس جگہ ناپائیداری کونتیجہ کی صورت میں سامنے لاتی ہے جہاں زیرنظر عامل جیسے اقتصادی پیداوار کاعامل، ناپائیدار ہواورکوئی دوسراعامل اس کی جگہ لے۔ اس لئے انسان اوراس کی ضروریات تاریخ کوگردش میں لانے والےعوامل اوران میں سے ہرعامل کی معاشرہ پراثرانداز ہونے والی تاثیری قوت کرسراغ لگاناچاہیے تاکہ یہ معلوم ہوکہ اس کااثرکہاں تک پہنچتا ہے اوران میں سے کون ساعامل مضبوط وپائدار ہےاورکون ساکمزورونا پائیدار۔

حقیقت یہ ہے کہ انسانی زندگی کی جملہ حالتوں کی ناپائداری کوجبرتاریخ کےمساوی قراردینے کامفروضہ ہی انسان کے''یک جہتی'' ہونے کے مفروضےکوآگے لانے کاسبب بناہے۔اس مفروضے کےمطابق''یک جہت''انسان زیادہ قدروقیمت نہیں رکھتااورتاریخ کاتغیرایک''یک شاخہ'' تغیرہے۔اس مفروضے کےحامیوں کے نقطہ نظر سے ہردورمیں تاریخ کااصل اوربنیادی عامل معیشت ہے،دولت کی پیداوار اورتقسیم کاطریقہ،افرادکےاقتصادی روابط جیسے کارخانہ اورمزدورکسان اورزمیندار کے روابط (جوکمزوراورتغیر پذیر روابط ہیں) زندگی کی دوسرے گوشوں مثلاً دین علم،فلسفہ قانون،اخلاق اورہنر کاتعین کرتے ہیں۔ابتداًدنیامیں اس مفروضے کابڑاچرچاہوالیکن اب یہ اپنی قدروقیمت کھوچکاہے۔آج دنیااورتاریخ کے بہت سے مادہ پرست مفسرین اس مفروضےکومستردکرچکے ہیں۔

ہر چند کہ ابھی علمی اعتبار سے قطعی طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انسان ''یہ ناشناسا وجود'' کثیر الجہت ہے اور انسانی تاریخ کی توجیہ کثیر الجہت ، کے مفروضے سے ہی کی جا سکتی ہے، البتہ یہ تسلیم شدہ قدر ہے کہ انسان ''یک جہت'' نہیں ہے اس کے یک جہت ہونے کا نظریہ اور انسانی تاریخ کے سفر کا یک خطہ ہونے کا مفروضہ سب سے زیادہ بے بنیاد مفروضہ ہے۔

انسانی ضروریات

کیا یہ درست ہے کہ انسان کی تمام ضروریات بدلتی رہتی ہیں اور ضروریات کے تغیر کے ساتھ ان سے متعلق قوانین وضوابط میں بھی تبدیلی آتی رہتی ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ نہ تمام انسانی ضروریات حالت تغیر میں ہوتی ہیں اور نہ ضروریات کے تغیر کا لازمی نتیجہ یہ نکل سکتا ہے کہ زندگی کے بنیادی اصول اور ضوابط ہی میں تبدیلی آ جائے۔

ضروریات کی پہلی قسم

ضروریات دو طرح کی ہیں: بنیادی ضروریات اور ثانوی ضروریات...... بنیادی ضروریات انسان کی جسمانی و روحانی ساخت اور اجتماعی زندگی کے مزاج کی گہرائیوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ جب تک انسان اس دنیا میں موجود ہے اور اجتماعی زندگی بسر کر رہا ہے اس کی یہ ضروریات باقی رہیں گی۔ یہ ضروریات تین طرح کی ہیں جسمانی روحانی اور اجتماعی:

۱۔ جسمانی ضروریات کا تعلق خوراک، پوشاک، مسکن اور رفیق حیات سے ہے۔

۲۔ روحانی ضروریات کے ذیل میں علم، زیبائش، نیک، پرستش، احترام

وتربیت آتے ہیں، اور۔

۳۔ معاشرت، مبادلۂ اشیاء تعاون، عدالت، آزادی اور مساوات کا تعلق اجتماعی ضروریات سے ہے۔

ثانوی ضروریات

وہ ضروریات ہیں جو بنیادی ضروریات سے پیدا ہوتی ہیں مختلف آلات اوروسائل زندگی کی ضروریات اسی نوع کی بنیادی ضروریات سے پیدا ہوتی ہیں جو زمانہ کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہیں۔

یہ بنیادی ضروریات ہی ہیں جو انسان کی زندگی کی توسیع اور ترقی کی جانب قدم بڑھانے کے لئے آمادہ کرتی ہیں۔ ثانوی ضروریات زندگی کی توسیع وترقی سے پیدا ہوتی ہیں اور یہ زیادہ سے زیادہ توسیع وترقی کیلئے محرک ثابت ہوتی ہیں۔

ضروریات میں تغیر اوران کے نئے ہونے اور پرانے ہونے کا تعلق ثانوی ضروریات سے ہے۔ بنیادی ضروریات نہ پرانی ہوتی ہیں اور نہ ختم ہوتی ہیں وہ ہمیشہ زندہ اورنئی رہتی ہیں۔

ثانوی ضروریات کا ایک حصہ بھی ایسا ہی ہے۔ قانون کی ضروریات ثانوی ضروریات کے اسی حصے سے تعلق رکھتی ہے۔ قانون کی ضرورت اجتماعی زندگی کی بنیادی ضرورت کا ایک لازمی نتیجہ ہے اوراسے بھی دوام اور ہمیشگی حاصل ہے۔ انسان کسی دور میں بھی قانون سے بے نیاز نہیں ہوسکتا۔

ضروریات کی دوسری قسم

یہ بات صحیح ہے کہ تمدن کے عوامل میں توسیع نئی نئی ضروریات کوسامنے لاتی

ہے اوروقتاً فوقتاً فرعی قوانین ضوابط ومعاہدات کاایک سلسلہ وجودمیں آتا رہتا ہے ،مثلاًنقل وحمل کے مشینی وسائل کی بناپر یہ ضروری ہوجا تا ہے کہ شہروں کے درمیان آمدروفت کیلئے اورمختلف مما لک کے درمیان سفراورنقل وحمل کیلئے کچھ قوانین وضوابط وضع کئے جائیں جب کہ ماضی میں اس طرح کےقوانین اورمعاہدوں کی ضرورت نہیں تھی البتہ تمدن کےعوامل میں توسیع حقوقی تعزیری اورشہری قوانین جن کاتعلق لین دین ،وکالتوں ناجائزقبضوں ،ضمانتوں ،وارثت ازدواج اورایسے ہی دوسرے امور سے ہوتا ہے۔اگروہ فی الواقع عدالت اورفطری حقوق پرمبنی ہوں تو پھرانہیں تبدیل کرنے کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ جب یہ ضرورت ہےتو خداکے ساتھ انسان کے رابطے یافطرت کےساتھ انسان کے رابطے سےمتعلق قوانین کی تبدیل کاسوال کیسے پیدا ہوگا۔

قانون ضروریات کی تکمیل کاشریفانہ اورعادلانہ طریقہ مقررکرتا ہے وسائل وآلات ضرورت کی تبدیلی ان کےحصول واستفادہ اوران کے عادلانہ تبادلے کے طریقے کوتبدیل کرنے کاسبب نہیں بنتی۔مگر یہ فرض کرلیا جائے کہ زندگی کے اسباب ،وسائل اورآلات میں تبدیلی آتی ہے اوروہ ترقی وکمال کی صورت اختیار کرتے ہیں توحق انصاف اوراخلاقی کامفہوم بھی بدل جاتا ہے۔دوسرے الفاظ میں ہم کو یہ فرض کرنا پڑے گا کہ حق ،عدالت اوراخلاق کے مفاہیم اضافی ہیں۔ایک چیزاگرکسی زمانے میں حق ،عدالت اوراخلاق کے ذیل میں آتی ہےتو دوسرے زمانے میں وہ حق عدالت اوراخلاقی کےخلاف سمجھی جاتی ہے۔

ہمارے دورمیں اس مفروضے کابڑاچرچاہےلیکن اس سلسلہ بیان میں اس مسئلے پربحث کی زیادہ گنجائش ہے۔ یہاں ہم صرف یہ کہیں گے کہ اس مفروضے کاسبب حق ،عدالت اوراخلاقی کےحقیقی مفہوم سے ناواقفیت ہے۔حق عدالت اوراخلاقی کے ذیل میں

جو چیز تغیر پذیر ہے وہ ان کا نفاذ اوران کی عملی صورت ہے نہ کہ ان کی حقیقت و ماہیت۔

اگرکوئی آئین و دستور حقوق اور فطرت کی بنیاد پر بنایا گیا ہوتو وہ ایک زندہ انقلابی قوت سے بہرہ مند ہوگا وہ زندگی کی اس شکل وصورت سے بحث کرنے کی بجائے جس کا تعلق بظاہر تمدن سے ہے ،زندگی کیلئے اصلی اور حقیقی خطوط کھینچے گا،وہ نہ صرف زندگی کے تغیرات سے ہم آہنگ ہوگا بلکہ ان کی رہنمائی کرے گا۔

نئی نئی ضروریات اورقوانین کے درمیان تضاد اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کہ قانون حرکت وعمل کی راہ متعین کرنے کی بجائے زندگی کی ظاہری شکل وصورت پرتوجہ دے۔ مثلاً مخصوص آلات اور وسائل کوجن کا تعلق سارے کا سارا تہذیب وتمدن کے مراحل سے ہوتا ہے انہیں ہمیشہ ایک ہی صورت میں رکھنا چاہیے۔

اگرقانون یہ چاہے کہ ہمیشہ تحریری کام ہاتھ ہی سے کیا جائے گھوڑے اور خچر ہی سے سواری کا کام لیا جائے اور روشنی کیلئے مٹی کے تیل کی قندیل ہی استعمال کی جائے اورصرف وہی کپڑا پہنا جائے جو ہاتھ سے بنا جاتا ہے۔اس طرح کا قانون علم وتمدن کی توسیع اوراس سے پیدا ہونے والی احتیاجات سے جنگ کرتا ہے اور یہ لازمی بات ہے کہ جبر تاریخ اس قانون کو بدل کر رکھ دے گا۔

قانون جس قدر جزئی اور مادی ہوگا یعنی مخصوص موادورنگ اورمخصوص صورتوں کا حامل ہوگا اس کے بقاء ودوام کے امکانات کم ہی ہوں گے۔اس کے برعکس قانون جس قدر کلی اور معنوی ہوگا اور اشیاء کی ظاہری صورتوں پرتوجہ دینے کی بجائے اشیاء کے درمیان یا اشخاص کے مابین روابط پرتوجہ دے گا اس کے بقاء ودوام کے امکانات زیادہ ہوں گے۔

زمانے کے تقاضے

زمانے تقاضے یعنی ماحول معاشرہ اورزندگی کے تقاضے انسان عقل ایجاددواختیارکی قوت سے لیس ہے اوربہترزندگی کی خواہش رکھتاہے۔اسی لئے وہ اپنی اقتصادی ،اجتماعی ،اورمعنوی ضروریات رفع کرنے کیلئے بہتر سے بہترافکار ونظریات اورعوامل ووسائل کا کارراز حیات میں لانے کی کوشش کرتاہے ۔بہتراورکامل تر وسائل وعوامل کی زندگی میں آمدخودبخود پرانے اورناقص ترعوامل کواپنی جگہ خالی کردینے پرمجبور کرتی ہےاس طرح انسان جدیدعوامل اوران کی مخصوص ضروریات سے وابستگی پیدا کرلیتا ہے۔انسان کی مادی اورمعنوں احتیاجات کے ایک سلسلے سے وابستگی اوران احتیاجات کورفع کرنے والے عوامل ووسائل کادائمی تغیراوران وسائل کاہمیشہ بہترہوتے چلے جانااور ایک مرحلے پرخودان کانئی نئی احتیاجات کے ایک سلسلے کو وجود میں لاناہردوراورزمانے میں ماحول اجتماعی اورزندگی کےتقاضوں میں تغیرکاسبب بنتارہتاہے اورانسان کولازمی طوپرجدیدتقاضوں سے ہم آہنگی پیدا کرنے پرآمادہ کرتارہتاہے۔اس طرح کےتقاضوں سے جنگ نہیں کرنی چاہیےاورنہ جنگ کی جاسکتی ہے۔

لیکن افسوس کہ کسی عہدکے دوران پیداہونے والے مظاہر بہترافکار ونظریات اورکامل تروسائل وعوامل کے اعتبار سے زندگی کیلئے زیادہ سعادت بخش نہیں ہوتے۔ یہ انسان ہی جواپنے زمانے ،ماحول اورمعاشرہ کوتشکیل دیتاہے اورانسان غلطی سے محفوظ نہیں ہے۔اس اعتبار سے انسان کی صرف یہی ذمہ داری نہیں ہے کہ وہ وقت کے دہارے پر بہتا چلا جائے اوراپنے دورکے افکارونظریات ،عادات واطوار اور پسندوناپسندکواپناتاچلاجائے۔اس کی ایک ذمہ داری یہ بھی ہے وقت کی باگ دوڑ

اپنے ہاتھ میں لے اور زمانے کی اصلاح کرے۔ اگر انسان خود کو صد فی صد زمانے کے مطابق بناتا رہے گا تو پھر وہ زمانے کو کس چیز سے ہم آہنگ کرے گا؟

افلاس فکر رکھنے والے افراد کیلئے ''زمانے کے تقاضے'' یعنی ''آج کی پسند اور سلیقہ'' اور یہ جملہ ''آج کی دنیا پسند نہیں کرتی'' ہر نظری عملی، صوری، مادی، قیاسی، تجربی اور استقرائی منطق کی رو سے ان کی شخصیت کو متاثر کرنے اور ان کے غیر مشروط طور پر سر تسلیم خم کر دینے کیلئے بہت کافی ہے۔ ان لوگوں کے طرز فکری کی رو سے خصوصاً دنیائے مغرب میں کسی چیز کا فیشن اور سلیقہ قرار پانا یہ کہنے کیلئے کافی ہے کہ زمانے کے تقاضے بدل گئے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ جبر تاریخ ہے اس سے بچنا ممکن نہیں بلندی و ترقی کیلئے اسے اختیار کرنا لازم ہے۔ حالانکہ یہ انسان ہی ہے جو اپنے زمانے ماحول اور اجتماعی عوامل کو تشکیل دیتا ہے۔ یہ چیزیں عالم قدس سے نازل نہیں ہوتیں۔ انسان خواہ وہ مغرب کا رہنے والا ہی کیوں نہ ہو، غلطی کا سزاوار ہے۔

انسان عقلی اور علم سے آراستہ ہونے کے ساتھ شہوت اور خواہش نفس بھی رکھتا ہے۔ مصلحت او زندگی کی طرف وہ اچھے قدم اٹھایا ہے تو کبھی کبھی اس کے قدم غلط سمت پر بھی اٹھ جاتے ہیں۔ اس اعتبار سے زمانہ جہان راہ راست پر پیش قدمی کرسکتا ہے وہاں وہ راہ انحراف بھی اختیار کرسکتا ہے۔ اس لئے جہاں زمانے کی ایسی پیش قدمیوں کا ساتھ دینا چاہیے وہاں اس کے انحرافات کی مزاحمت بھی کرنی چاہیے۔

لفظ ''آزادی'' کی طرح ''زمانے کے تقاضے'' ان کلمات میں سے ایک ہے جن کا مشرق کی سرزمین پر بڑا برا حشر ہوا ہے اور آج یہ کلمہ استعمار کا ایک ایسا مکمل ہتھیار ہے جس سے وہ مشرق کی اصل تہذیب پر ضرب لگانے اور اس پر مغربی روح مسلط کرنے کا کام لیتا ہے۔ کتنے فریب ہیں جو اس عنوان سے دیئے جاتے ہیں اور کتنی بدبختیاں ہیں جو اس خوبصورت کتبہ کے ساتھ ہم پر مسلط کی جاتی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ یہ زمانہ علم کا ہے، بلاشبہ یہ بات درست ہے لیکن کیا اس سرچشمہ علم کے علاوہ دوسرے تمام سرچشمے انسان کیلئے خشک ہو چکے ہیں اور آج جو کچھ پیش کیا جاتا ہے وہ صحیح وخالص علم کی حیثیت رکھتا ہے؟ آخر کس دور میں ہمارے اس عہد کی مانند علم ودانش کو اس قدر قوت وقدرت اور وسعت حاصل رہی ہے اور کس زمانے میں اس دور کی طرح علم ودانش اپنی آزادی سے محروم ہو کر شہرت کے عفریت کی غلام اور خودغرضی، جاہ طلبی، زر پرستی واستحصال کے اژدھوں کا شکار رہے ہیں؟

جولوگ اس بات کے مدعی ہیں کہ زمانے کے تغیر پذیر تقاضے کسی قانون کو ہمیشہ کیلئے باقی نہیں رہنے دیتے انہیں چاہیے متذکرہ بالا دوموضوعات کوایک دوسرے سے الگ کریں تاکہ انہیں معلوم ہو کہ اسلام میں کوئی ایسی چیز موجود نہیں ہے جو بہتر زندگی کی جانب پیش قدمی کی مخالف ہو۔

ہمارے اس دور کی مشکل یہ ہے کہ آج کے انسان کو ان دونوں باتوں کو الگ کر کے غور کرنے کی بہت کم توفیق ہوتی ہے، وہ قدیم کے ساتھ رشتہ جوڑ کو جمود اختیار کر لیتا ہے اور جو کچھ نیا ہو اس سے لڑنے لگتا ہے یا پھر اس قدر جہالت پر اتر آتا ہے کہ ہر نئی ظاہر ہونے والی چیز کو "زمانے کے تقاضوں" کے نام پر ضروری سمجھنے لگتا ہے۔

حرکت و لچک

بعض مسائل : جبر تاریخ..........ضروریات زندگی میں تغیر......زمانے کے تقاضے .... یہ تینوں باتیں ہمارے لئے صرف یہ جاننے کیلئے مفید ہیں کہ ہم ان باتوں کو بہانہ بنا کر اور آنکھیں بند کر کے کسی قانون کو ہدف نہیں بنا سکتے اور اس کی ابدیت کے منکر نہیں ہو سکتے۔

واضح ہے کہ صرف ان مسائل پر بحث قانون کی ابدیت کے مسئلے کی شکل حل کرنے کیلئے کافی نہیں ہے۔ اس لئے کہ یقیناً اگر کوئی ابدی قانون زندگی کی تمام متغیر صورتوں کا احاطہ کرنا چاہے اور تمام مشکلات کے حل کرنے کی راہ دکھائے اور ہر مشکل کو بہتر طریقے پر رفع کر دے تو اسے قوت و حرکت کے ساتھ ایک لچک سے بھی بہرہ مند ہونا چاہیے وہ خشک جامد اور بے لچک نہ ہو۔ اب ہم یہ دیکھیں گے کہ اسلام اپنی اس اصل کی حفاظت کرتے ہوئے ''حلال محمد حلال الیٰ القیامۃ وحرام محمد حرام الیٰ یوم القیامۃ زندگی کے مختلف مسائل کے حل کی راہ کس طرح دکھاتا ہے۔

یقیناً اسلام کے قانون سازی کے نظام میں کوئی راز اور رمز چھپا ہوا ہے جو اس بڑی مشکل پر قابو پالیتا ہے۔

اسلام کی منطقی روح کے تمام بھیدوں اور رازوں کا سرچشمہ اس انسان کی فطرت و طبیعت اجتماعیت اور پورے عالم کے ساتھ کامل وابستگی ہے۔

اسلام نے اپنے قوانین و ضوابط کے وضع کرنے میں فطرت کے احترام اور فطری قوانین کے ساتھ وابستگی کا باقاعدہ طور پر اعلان کیا ہے۔ اسلام کی یہی وہ

جہت ہے جس نے قوانین اسلام کے ابدی ہونے کا امکان پیدا کر دیا ہے۔
فطرت کے ساتھ اسلام کی وابستگی اور رابط کو مندرجہ ذیل نکات سے سمجھا جا سکتا ہے۔

ا۔حریم دین میں عقل کو جگہ دینا

دنیا کے کسی دین نے اسلام کی طرح عقل کے ساتھ اس قدر قریبی رشتہ نہیں رکھا ہے اور اس کے ''حق'' کو تسلیم نہیں کیا ہے۔کس دین کا نام لیا جا سکتا ہے کہ جس نے عقل کو اپنے احکام کے سرچشموں میں سے ایک سرچشمہ قرار دیا ہو۔فقہائے اسلام نے احکام کے چار سرچشمے اور ذریعے قرار دیئے ہیں۔کتاب،سنت اجماع،عقل فقہائے اسلام عقل اور شرع کے درمیان نا قابل شکست رشتے کے قائل ہیں اور اسے ایک لازمی اصول قرار دیتے ہیں۔وہ کہتے ہیں۔

كل ماحكم به العقل حكم به الشرع وكل ماحكم به الشرع حكم به العقل

جو کچھ عقل سلیم حکم کرتی ہے شرع بھی اسی کے مطابق حکم کرتی ہے اور جس چیز کا شرع حکم دیتی ہے عقل بھی اس کا حکم کرتی ہے۔

فقہ اسلامی میں خود عقل کسی قانون کو منکشف کرنے والی ہو سکتی ہے اور وہ کسی قانون میں قیود وحدود وضع کر سکتی ہے یا اس قانون میں عمومیت پیدا کر سکتی ہے اور تمام سرچشموں اور ذرائع سے استنباط کرنے میں بڑی اچھی مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

عقل کی دخل اندازی کا حق اس طرح پیدا ہوا ہے کہ اسلامی قوانین زندگی کی حقیقت سے سروکار رکھتے ہیں۔اسلام اپنی تعلیمات میں ایسی مجہول پر اسراریت اور مزیت کا قائل نہیں ہے،جسے حل نہ کیا جا سکتا ہو۔

۲۔ جامعیت اور خود قرآن کی تعبیر کے مطابق وسطیت

کسی مکتب قانون کا یک طرفہ ہونا خود اپنے اندر اپنی تنسیخ کی دلیل رکھتا ہے انسان کی زندگی پر غلبہ رکھنے والے اور اثر انداز ہونے والے عوامل بہت زیادہ ہیں ان میں سے کسی ایک سے بھی صرف نظر کرنا خود عدم تعاول پیدا کرتا ہے۔قوانین کے ابدی ہونے کا سب سے اہم عنصر ان کا تمام مادی، روحانی ،انفرادی اور اجتماعی پہلوؤں پر محیط ہونا ہے۔تعلیمات اسلامی کی جامعیت اور ہمہ جہتی کی صفت ہی اسلام سے شناسا ہونے والوں کے درمیان اس کی مقبولیت کا سبب ہے۔اس نکتہ پر تفصیلی بحث ہماری اس گفتگو کے دائرے سے باہر ہے۔

۳۔اسلام نے کبھی زندگی کی ظاہری شکل وصورت سے بحث نہیں کی

تمام اسلامی تعلیمات نے روح اور معانی پر اور اس طریقے توجہ دی ہے جو انسان کو ان مقاصد و معانی تک پہنچا تا ہے۔اسلام نے مقاصد و معانی اور ان تک پہنچنے کے طریقے کی طرف رہنمائی اپنے ذمے لینے کے بعد انسان کو اس کے علاوہ دوسرے امور میں آزاد چھوڑ دیا ہے۔اس طرح اس نے تہذیب و تمدن کے توسیعی عمل کے ساتھ تصادم سے پرہیز کیا ہے۔

اسلام میں کوئی مادی وسیلہ اور کوئی ظاہری شکل نہیں ملے گی۔ جسے تقدس حاصل ہو اور مسلمان کی یہ ذمہ داری ہو کہ وہ اس شکل اور ظاہر کی حفاظت کرے۔اس

اعتبار سے علم وتمدن کے توسیعی مظاہر کے ساتھ تصادم سے پرہیز اسلام کی ایک ایسی جہت ہے کہ اس نے زمانے کے تقاضوں پر دین کو منطبق کرنے کا کام آسان کردیا ہے اور اپنی ابدیت کی راہ میں حائل ہونے والی ایک بڑی رکاوٹ کو دور کردیا ہے۔

۴۔اس دین کی خاتمیت اور ابدیت

اس دین کی خاتمیت اور ابدیت کا ایک دوسرا رمزیہ ہے کہ وہ قوانین فطرت کے ساتھ ہم آہنگی سے قوت حاصل کرتا ہے اس نے انسان کی مستقل اور دائمی ضروریات کیلئے مستقل اور غیر متبدل قوانین بنائے ہیں اور تغیر پذیر حالات اور صورتوں کیلئے اس نے قابل تغیر وضع قانون کی پیش بینی کی ہے۔

سطور بالا میں ہم کہہ چکے ہیں کہ بعض انسانی ضروریات خواہ کا تعلق انفرادی شعبوں سے ہو یا اجتماعی شعبوں سے اپنی ایک مستقل صورت رکھتی ہیں اور وہ تمام انسانوں میں یکساں ہوتی ہیں۔ انسان اپنی جلبتوں اور عادتوں کیلئے جو نظام وضع کرتا ہے وہ اخلاق کہلاتا ہے اور اجتماعی زندگی کے لئے جو نظام تشکیل دیتا ہے اسے عدالت کا نام دیا جاتا ہے اور وہ اپنے خالق سے جو رابط قائم کرتا ہے اور اپنے ایمان کی تجدید وتکمیل کرتا ہے اسے عبادت کہتے ہیں۔ ان تینوں کا تعلق ان مستقل قسم کی ضروریات سے ہے۔

انسان کی بعض دوسری ضروریات تغیر پذیر ہوتی ہیں، جو قانون کے لحاظ سے ایسی قانون سازی کو لازم کرتی ہیں جس میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔اسلام نے ایسی تغیر پذر احتیاجات کیلئے وضع قانون کی لچکدار صورت اختیار کی ہے۔اس طرح نے قابل تغیر حالات کیلئے قانون سازی کو مستقل اور غیر متبدل اصولوں کے ساتھ مربوط کردیا ہے اور وہ اصول ہر تغیر پذیر نئی صورت حال میں خاص اور متناسب فرعی قانون

کو وجود میں لاتے ہیں۔

ہم صرف دو مثالوں پر اکتفا کرتے ہیں۔

اسلام میں ایک اجتماعی اصول یہ ہے:

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ

یعنی آخری امکانی حدتک دشمن کے مقابل قوت فراہم کرو اور طاقتور بن کر رہو۔(سورہ انفال۔60)

یعنی کتاب قرآن ہمیں اس اصول کی تعلیم دیتا ہے۔دوسری طرح سنت سے ہمیں ہدایات کا ایک سلسلہ ملتا ہے کہ فقہ میں یہ ہدایات ''سبق ورمایۃ'' کے عنوان سے معروف ہیں۔ہدایت کی گئی ہے مسلمان اور ان کے فرزند گھوڑے سواری اور تیراندازی میں کامل مہارت حاصل کریں۔گھوڑے سواری اور تیراندازی اس دور کے فنون حرب کا ایک اہم جز تھے اور دشمن کے مقابل قوت کی فراہمی اور طاقتور بننے کا بہترین ذریعہ تھے ''سبق ورمایۃ'' کے قانون کی اصل تو قرآن کا یہ حکم ہے وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ ہے یعنی اسلام کے نقطہ نظر سے تیر،تلوار اور گھوڑا اصلیت نہیں رکھتے ،یہ اسلامی مقاصد کا جز نہیں ہیں۔جو بات اصلیت رکھتی ہے وہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو ہر دور اور زمانے میں دشمن کے مقابل اپنے فوجی اور دفاعی وسائل کو آخری حد امکان تک مضبوط اور طاقتور بنانا چاہیے۔

درحقیقت تیراندازی اور گھوڑا دوڑانے میں مہارت ایک لباس ہے۔ جو دشمن کے مقابل طاقت کے جسم کو پنایا گیا ہے۔دوسرے الفاظ میں تیراندازی مہارت اس زمانے میں طاقتور بننے کی ایک عملی صورت تھی دشمن کے مقابل طاقتور بننے کا لزوم ایک مستقل قانون کی حیثیت رکھتا ہے جو ایک دائمی اور مستقل ضرورت سے

قوت حاصل کرنا ہے لیکن تیراندازی اور اسب دوانی ایک وقتی ضرورت کا مظہر ہیں اور زمانے کے تقاضوں اور تہذیبی وفنی عوامل کی توسیع کے ساتھ ان میں تبدیلی آتی رہتی ہے اور دوسری چیزیں جیسے آج کے جدید اسلحہ کے استعمال میں مہارت کا حصول ان کی جگہ لے لیتی ہے۔

دوسری مثال پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا ہے:

''علم ودانش کا حصول ہر مسلمان پر واجب ہے۔''

حکماء اسلام نے یہ ثابت کیا ہے کہ علم ودانش کا حصول اسلامی نقطہ نظر سے دوصورتوں میں واجب ہے:

ایک اس صورت میں جب کہ ایمان کا حصول علم ودانش سے وابستہ ہو۔

دوسرے اس وقت جب کسی ذمہ داری کا پورا کرنا علم ودانش کے حصول پر منحصر ہو۔

دوسری صورت کے بارے میں کہا گیا ہے کہ طلب دانش کا واجب ہونا تیاری کیلئے ہے کہ انسان کسی ذمہ داری کے ادا کرنے کی قابلیت پیدا کرے۔

اسی لئے علوم کے حصول کا واجب ہونا یا واجب نہ ہونا زمانے کے تقاضوں کے مطابق مختلف ہوجاتا ہے۔ پچھلے بعض ادوار میں اسلامی فرائض کی ادائیگی حتیٰ کہ اجتماعی فرائض جیسے تجارت، صنعت وسیاست کیلئے دانش کا حصول زیادہ ضروری نہیں تھا اس کیلئے عام تجربات کافی تھے، ہمارے زمانے کی طرح بعض دوسرے زمانوں میں ان فرائض کی ادائیگی اس قدر دشوار اور پیچیدہ رہی ہے کہ اس کیلئے برسوں تعلیم اور خصوص تربیت لازمی قرار پائی تا کہ اسلامی اجتماعی فرائض (واجبات کفائی) انجام پاسکیں۔ یہی وجہ ہے کہ سیاسی اقتصادی اور فنی علوم کی تحصیل جو ایک دور میں واجب نہیں تھی، دوسرے دور میں واجب ہوجاتی ہے۔ ایسا کیوں؟ اسلامی معاشرہ کے استقلال عزت اور حیثیت کے تحفظ کے لازمی اصول پر عمل کرنا ایک مستقل اور دائمی

اساس کی حیثیت رکھتا ہے اور موجودہ دور کے حالات میں تحصیل وتکمیل دانش کے بغیر اس اصول پر پوری طرح عمل نہیں کیا جاسکتا ،اس فرض کی ادائیگی مختلف زمانوں اور مختلف حالات میں یکساں شکل میں نہیں رہی ہے۔اس سلسلے میں بہت مثالیں دی جاسکتی ہیں۔

۵۔اسلامی تعلیمات کی فطرت اور طبیعت کیساتھ ہم آہنگی

ایک دوسرا پہلو جو فطرت اور طبیعت کے ساتھ اسلامی تعلیمات کی ہم آہنگی کی علامت ہے اور جس کی وجہ سے اسلامی قوانین کی ابدیت کا امکان پیدا ہوتا ہے وہ حقیقی مصالح اور مفاسد کے ساتھ احکام اسلامی کا علت ومعلول کا رابطہ اور اس رو سے احکام کی درجہ بندی ہے۔

اسلام نے یہ واضح کیا ہے کہ احکام حقیقی مصالح ومقاصد کے ایک سلسلہ کے تابع ہیں اور یہ بھی بتادیا گیا ہے کہ یہ مصالح ومقاصد ایک درجے میں نہیں رکھے جاتے۔

اسی وجہ سے فقہ اسلامی میں ایک مخصوص باب بابِ ''تزاحم'' یا ''اہم ومہم'' رکھا گیا ہے تاکہ فقہا اور اسلامی کارکنوں کیلئے مختلف مصالح ومفاسد کے یکجا ہونے اوران سے واسطہ پڑنے کی صورت میں آسانی حاصل ہو۔اسلام نے اس بات کی اجازت دی ہے کہ اس طرح کے مواقع پر علمائے امت مصلحتوں کی اہمیت کے درجوں کا خود اسلام کی رہنمائی میں پوری توجہ کے ساتھ یقین کریں اور زیادہ اہم مصالح کو کم اہمیت والے مصالح پر ترجیح دیں اور تعطل کی حالت سے باہر نکل آئیں۔

رسول اکرمؐ سے روایت ہے:

اذا اجتمعت حرمتان طرحت الصغریٰ الکبری

جہاں دو امور واجب الاحترام جمع ہو جائیں تو بڑے امر کی خاطر چھوٹے امر صرف نظر کرنا چاہیے۔

ابن کثیر ''الھنایہ'' میں اس حدیث کو نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اگر کوئی ایسا معاملہ ہو جس میں جماعت کا فائدہ اور فرد کا نقصان ہو رہا ہو تو جماعت کا مفاد فرد کا نقصان پر مقدم ہے۔''

جو کچھ ابن کثیر نے کہا ہے وہ زیادہ اہم مصلحت کو کم اہمیت والے مصلحت پر مقدم رکھنے کے ایک موقع سے متعلق ہے، حدیث کا فائدہ اسی موقع تک محدود نہیں ہے۔ مردہ جسم کے اعضاء کی تشریح (ANTAONY) کے علم کو ہمارے دور میں علم کی ترقی کیلئے ضروری سمجھا گیا ہے۔ اس کا تعلق باب ''تزاحم'' سے ہے۔ جیسا کہ ہمیں معلوم ہے اسلام نے مسلمان کے بدن کے احترام اور مراسم تجہیز میں عجلت کو لازم قرار دیا ہے جب ک ہمارے زمانے میں طب کی تعلیم و تحقیق کے ایک حصے کا انحصار تشریح اعضاء پر ہے۔ اس طرح دو مصلحتیں ایک دوسرے کے مقابل آ گئی ہیں۔ ظاہر ہے کہ طبی احتیاط کے ساتھ کہ غیر مسلم کی لاشوں کے کافی نہ ہونے کی صورت میں مسلمان کی لاش پر انحصار کیا جائے اور پہچانی جانے والی لاش کو چھوڑ کر نہ پہچانی جانے والی لاش استعمال کی جائے۔ اسی طرح بعض دوسری باتوں کا بھی لحاظ رکھنا چاہیے۔ اس طرح ''اہم ومہم'' کے قاعدہ کے تحت مسلمان لاش کے اعضاء کی تشریح کی ممانعت ختم ہو جاتی ہے۔ اس قاعدہ تحت بھی بہت سی مثالیں ہیں۔

٦۔ اسلامی قوانین کو لچکدار بنانے والے قواعد کا وجود

ایک دوسری چیز جس نے اسلامی ضوابط کو لچک حرکت اور تطبیق کی خاصیت عطا کی ہے اور ان کی ہمیشگی کو برقرار رکھا ہے۔ بعض کنٹرول کرنے والے قواعد کے سلسلے کی موجودگی ہے جسے اسلامی قوانین کے متن میں مشامل کیا ہے۔ فقہاء نے ان قواعد کا بڑا اچھا نام رکھا ہے اور انہیں ''حاکمہ'' کہتے ہیں یعنی دو قواعد جو تمام اسلامی احکام وضوابط پر بالا دستی رکھتے ہیں اور ان سب پر حکومت کرتے ہیں۔ یہ قواعد اعلیٰ مناصب رکھنے والے انسپکٹروں کی طرح تمام احکام وضوابط کی نگرانی کرتے ہیں اور انہیں کنٹرول کرتے ہیں۔ قاعدہ ''حرج'' اور قاعدہ ''لاضرر'' ان ہی نگرانی قواعد (حاکمہ) سے تعلق رکھتے ہیں۔ درحقیقت اسلام نے ان نگران قواعد کو ویٹو کا حق دیا ہے ان قواعد کی داستان بڑی دلچسپ اور مفصل ہے۔

۷۔ اسلام کا اسلامی حکومت کو بعض مخصوص اختیارت دینا

کچھ دوسرے اختیارات ہیں جو اسلام نے حکومت اسلامی کو اور دوسرے الفاظ میں اجتماعی اسلامی کو دیئے ہیں۔ یہ اختیارات ابتدائی درجہ میں خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حکومت سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس کے بعد امامؑ کی حکومت سے ان کا تعلق ہے پھر ہر شرعی حکومت کو یہ اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ

پیغمبر خود مومنین سے زیادہ ان کے نفوس پر تسلط کا حق رکھتا ہے۔

(سورہ احزاب۔6)

یہ اختیارات ایک وسیع دائرہ رکھتے ہیں ۔اسلامی حکومت جدید حالات اورجدید ضروریات کوپیش نظر رکھتے ہوئے اسلام کے اساسی اصول ومبانی پرتوجہ کرکے ضوابط کاایک سلسلہ وضع کرسکتی ہے کہ ماضی میں موضوعاً موجودنہیں رہے ہیں ۔[1]

حکومت اسلامی کی قوت کیلئے ان اختیارات کاوجودلازمی شرط ہے تاکہ وہ آسمانی قوانین کا بہترطریقہ پراجزاءاورانہیں بہترانداز میں زمانے کےتقاضوں سے ہم آہنگ کرسکے اورہردور کےمخصوص لائحہ عمل کوبہترطور پرمرتب ومنظم کرسکے۔ یہ اختیارات کچھ حدودشرائط رکھتے ہیں کہ یہاں ان کے بارے میں کچھ کہنے کی گنجائش نہیں ہے۔

---

[1] رجوع کیجئے''تنبیہ الامہ'' مرحوم آیۃ اللہ نائنی،صفحات97-102اورمقالہ''ولایت وزعامت'' علامہ طباطبائی کےقلم سے،کتاب''مرجعیت وروحانیت'' چاپ دوم میں صفحات82 تا84

ذمہ داری کی منتقلی

ہماری گزشتہ باتوں سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ انسان کا عقلی وعلمی بلوغ اوراس کی توانائی کے نئے دور کا آغاز جس میں اس پر الٰہی قوانین ومعارف کے تمام حقائق روشن ہوئے اوردینی ورثوں کی حفاظت ،تحریفات اور بدعتوں کے خلاف جنگ دین کی اشاعت تبلیغ اوردعوت کا کام انجام پایا۔ختم نبوت کا اصل بنیادی پس منظر ہے انسان کے دوراول میں مجبوراً ''وحی'' نے جوذمہ داری عمدہ طریقے پر پوری کی تھی اسے رشدوبلوغ عقل وعلم کے دور میں علمی وعقلی قوت انجام دیتی ہے اورعلماء انبیاء کے وارث قرار پاتے ہیں۔

علمائے اسلام کی ذمہ داری

باوجودیکہ اسلام رائج مذاہب کی روایات کے برعکس علمائے امت کیلئے کسی ایسے اختیار کا قائل نہیں ہے جوطبقاتی امتیاز پر منتج ہو، دین کی بڑی اہم ترین ذمہ داری ان کے شانوں پرعائد کی ہے۔ اسلام کی طرح کسی دین میں علماء نے ایسا موثر اورحقیقی نقش مرتسم نہیں کیا ہے اور یہ اس دین کی خاتمیت سے حاصل ہونے والے خصوصیت ہے۔ اولین منصب جوخاتمیت کے دور میں پیغمبروں کی طرف سے علماء امت کی جانب منتقل ہوا ہے وہ دعوت تبلیغ ارشاداورتحریفات وبدعات کے خلاف جنگ کا منصب ہے۔

انسانی گروہ تمام زمانوں میں دعوت وارشاد کے محتاج رہے ہیں ۔قرآن نے صراحت کے ساتھ اس ذمہ داری کوخود امت کے ایک گروہ پرڈالا ہے:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ
تم میں سے ایک گروہ ہونا چاہیے جوخیر کی طرف دعوت دے نیکی کاحکم کرےاور برائی سے روکے۔(سورہ آل عمران۔104)

وہ اسباب ہروقت موجودرہے ہیں جوتحریفات وبدعت پر منتج ہوتے ہیں اورہوتے رہیں گے۔یہ علماءامت ہی کی ذمہ داری ہے کہ تحریفوں اور بدعتوں کے خلاف جنگ کریں۔رسول اکرمؐ نے فرمایاہے:

اذاظهرت البدعی فعل العالم يظهرعلم ومن لم يفعل فعليه لعنة الله

جب بدعتیں ظاہر ہوں یہ عالم کی ذمہ داری ہے کہ اپنے علم کوظاہر کرے اور جوایسانہیں کرے گااس پر خدا کی لعنت۔

جو چیزتحریفات وبدعات کےخلاف جنگ کیلئےممکن اوراس کے کام کوآسان بناتی ہے وہ اصلی معیارومقیاس یعنی قرآن کامحفوظ رہنا ہے۔رسول اکرمؐ نے خاص طور پرتاکید کی ہے جوکچھ آپ کی زبان سےنقل ہواہے اس کےصحت وسقم کومعلوم کرنے کیلئےقرآن کی کسوٹی سے فائدہ اٹھایا جائے۔

کتابوں کے اصل متن کوحوادث کے دستبردسے محفوظ رکھنا، اصول سےفروع کااستنباط جزئیات پرکلیات کاانطباق ہردور کے جدیدمسائل کی دریافت ان پرغوروبحث ،یکطرفہ رجحانات کا سدباب ،صورتوں ،ظواہراورعادتوں پرجمود کے خلاف جنگ ،فرعی ضوابط اورنتیجہ سےاصل اورمستقل احکام کوالگ کرنا۔اہم ومہم کی تشخیص اوراہم کوترجیح دیناوقتی قوانین کے وضع کرنے میں حکومت کے اختیارات کے حدودکاتعین زمانے کی ضروریات سے ہم آہنگ لائحہ عمل کی تیاری ختم نبوت کے اس

دور میں علماء کے اہم فرائض ہیں۔

امت اسلامیہ کے علماء اپنی ذمہ داری اور اہم منصب کے پیش نظر اپنے زمانے کے سب سے زیادہ عالم افراد ہونے چاہئیں کیونکہ وہ انسانوں کے اخلاقی انحرافات اورروحانی انحطاط کے مقتضیات سے وقت کے حقیقی مقتضیات کو جدا کر کے ان کی ٹھیک تشخیص اس وقت تک نہیں کر سکتے جب تک کہ وہ زمانے کی روح سے زمانے کی ساخت میں کارفرما عوامل اوران عوامل کی سمت سفر سے اچھی طرح واقف نہ ہوں۔

اجتہاد

علماء امت کی اہم ذمہ داری اور فرائض میں سے ایک اجتہاد بھی ہے۔
اجتہاد کا مطلب صحیح طریقے سے وہ عالمانہ کوشش ہے جو کتاب ،سنت اجماع اور عقل کے سرچشموں سے استفادہ کرکے اسلام کے اصول وضوابط معلوم کرنے کیلئے کی جاتی ہے۔

اجتہاد کا لفظ پہلی بار احادیث نبوی میں استعمال ہوا پھر مسلمانوں میں اس کا رواج ہوگیا۔ قرآن میں یہ لفظ نہیں آیا۔روح معنی کے لحاظ سے جو لفظ اس کا مترادف ہے اور قرآن میں بھی آیا ہے وہ تفقہ ہے قرآن نے صراحت کے ساتھ تفقہ ،دین کا گہرا فہم حاصل کرنے کی تاکید کی ہے۔

اجتہاد یا تفقہ سے خاتمیت کے اس دور میں بہت نازک بنیادی ذمہ داری وابستہ ہے اور اسلام کی ابدیت کیلئے اسے ایک اہم شرط کی حیثیت حاصل ہے۔اجتہاد کو اسلام کی قوت محرکہ کہا گیا جو بالکل درست ہے، بزرگ مسلمان فلسفی ابن سینا نے بڑی روشن فکری کے ساتھ اس مسئلہ پر بحث کی ہے وہ کہتے ہیں:

اسلامی کلیات مستقل ،غیر متغیر اور محدود ہیں لیکن حوادث ومسائل غیر محدود اور متغیر ہیں اور ہر دور مخصوص تقاضوں اور مخصوص مسائل کا حامل ہوتا ہے۔ اسی لئے ہر دور اور عہد میں ایسے افراد کی ضرورت ہے جو ماہر اسلامی کلیات کے عالم زمانے کو درپیش مسائل سے آگاہ اور جو کلیات اسلامی کی روشنی میں جدید مسائل میں اجتہاد واستنباط احکام کی صلاحیت کے حامل اور اس ذمہ داری کو پورا کرسکیں۔ [1]

---

[1] آخر الٰہیات کتاب ''شفا بو علی سینا''

تمدن اسلامی کے درخشاں دور میں جب کہ ایک وسیع اور بدوی مسلم معاشرہ ترقی وتوسیع کی جانب تیزی سے قدم بڑھا رہا تھا اور اس نے ایشیا کے علاوہ یورپ اور افریقہ کے بعض حصوں پر غلبہ حاصل کرلیا تھا اور گونا گوں نسلوں اور قوموں پر جن میں ہر ایک اپنا ایک خاص ماضی اور تہذیب رکھتی تھی، اسے حکومت کرنے کا موقع ملا۔ اس دوران ہزاروں جدید مسائل پیدا ہوئے۔ مسلمان اس ذمہ داری سے بڑی کامیابی کے ساتھ عہدہ برآ ہوئے اور دنیا کو حیرت میں ڈال دیا۔ علماء اسلام نے ثابت کردیا کہ اسلامی سرچشمے اپنی بہتر تشخیص اپنے بہتر استنباط سے ترقی وتکمیل کے مراحل سے گزرنے والے کسی بھی معاشرہ کے ساتھ چل سکتے ہیں اور اس کی رہنمائی کرسکتے ہیں۔ انہوں نے ثابت کردیا ہے کہ ''اسلامی حقوق'' کا قانون یعنی (E I Y T L PROCEDURE) زندہ ہے اور زمانے کی ترقی سے پیدا ہونے والے تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگی کی قابلیت رکھتا ہے اور ہر دور کی ضروریات کا جواب دے سکتا ہے۔

مستشرقین اور ماہرین قانون جنہوں نے اس دور کی فقہ اسلامی کی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اس حقیقت کے معترف ہیں اور حقوق اسلامی یعنی اسلام کے (EIYTL PROCEDURE) کو مستقل ''مکتب قانون'' کی حیثیت سے تسلیم کیا ہے اور اسے ایک زندہ مکتب قانون قرار دیا ہے۔

ساتویں صدی ہجری تک اجتہاد کا حق محفوظ تھا اور اس کا دروازہ کھلا ہوا تھا البتہ اس ساتویں صدی میں خاص تاریخی اسباب کی بنا پر شوریٰ اور اجماع کو بنیاد بنا کر علماء سے یہ حق سلب کرلیا گیا اور علماء ہمیشہ کیلئے دوسری اور تیسری صدی ہجری کے علماء کے نظریات کا اتباع کرنے پر مجبور ہوگئے اور یہیں سے چھ معروف مذاہب تک فقہی مذاہب کی تحدید وجود میں آئی۔

اجتہاد کے دروازے کا بند ہوجانا عالم اسلام کا ایک بڑا المناک حادثہ

سمجھا جاتا ہے۔شاید اجتہاد میں افراط کے سلسلے کے خلاف ردعمل کے طور پر ایسا ہوا ہو، بہر کیف فقہ اسلامی میں جمود اور ٹھہراؤ اسی وقت سے شروع ہوا۔

اجتہاد کے دروازے کے بند ہونے کے ناپسندیدہ اثرات اہل تشیع پر بھی مرتب ہوئے۔ ساتویں صدی ہجری کے بعد شیعہ فقہ میں عمیق فکر ونظر پیدا ہوگئی تھی اور بعض شعبوں میں وسیع تبدیلیاں رونما ہوئی تھیں۔اس کے باوجود اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اس فقہی سسٹم میں بھی چند صدی پہلے کی طرح مسائل کی تشریح کا رجحان اور وقت کے مسائل کا سامنا کرنے سے گریز اور جدید تر عمیق تر طریقوں کے دریافت کی جانب سے بے رغبتی واضح صورت میں نظر آتی ہے۔

نہایت افسوس کی بات یہ ہے کہ حالیہ صدیوں کے دوران تو جوانوں اور اصطلاحاً روشن فکر مسلمانوں کے طبقے میں مغرب کی میلان، مشرقی واسلامی روایات کی نفی کا رجحان اور مغربی ''ازموں'' کی اندھی تقلید کا مرض پیدا ہوگیا ہے۔ بدقسمتی سے یہ مرض بڑھتا جارہا ہے لیکن خوش نصیبی کا پہلو یہ ہے کہ ان اندھے اور خوابیدہ رجانات کی تاریکی میں بیداری اور آگاہی کی ایک کرن بھی پھوٹ رہی ہے۔

اس خواب غفلت میں مبتلا کرنے والی گمراہی کی جڑ وہ غلط تصور ہے جو یہ گروہ اصطلاحاً اسلامی ضوابط کے تحکمانہ، ادعائی (DOGMATIE) پہلو کے بارے میں رکھتا ہے ۔گزشتہ صدیوں کے دوران اجتہاد میں جمود نے ان غلط تصورات کو تقویت فراہم کی ہے ۔قوم کے رہنماؤں اور ذمہ دار افراد کا فرض یہ ہے کہ جس قدر جلد ہوسکے علمی ومنطقی انداز میں اس طرح کے رجانات کا مقابلہ کرنے کیلئے اٹھ کھڑے ہوں۔

اس صورت حال کے اسباب وعوامل کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں جس بات پر ہمیں پردہ ڈالنا چاہیے وہ یہ ہے کہ فکری جمود اور ٹھہراؤ گزشتہ صدیوں کے دوران عالم

اسلام پر مسلط رہا ہے۔خصوصاً اسلامی فقہ میں جمود ماضی کی طرف دیکھتے اور زمانے کی روح کو سمجھنے اور اس کا سامنا کرنے سے گریز ہماری اس ناکامی اور شکست کا ایک بڑا سبب سمجھا جاتا ہے۔آج عالم اسلام کو ہمیشہ سے زیادہ ایک ایسی قانون سازی کی تحریک کی ضرورت ہے جو ایک جدید وسیع اور ہمہ گیر نظر سے اسلامی تعلیمات کی گہرائی سے فیض حاصل کرے اور مسلمانوں کے دست و پا کو مغربی افکار ونظریات کے استعماری بندھنوں سے آزاد کرائے۔

قرآن بے پایان استعداد و وسعت کے اعتبار سے فطرت کی مانند ہے

فلسفہ کے موضوعات میں سے ایک حیرت انگیز موضوع کا تعلق اسلامی سرچشموں خصوصاً قرآن کریم کے مضامین میں تحقیق ،دریافت واستنباط کی کبھی ختم نہ ہونے والی استعداد ہے۔صرف فقہ اورحقوق کے مسائل ہی نہیں تمام شعبوں کے بارے میں یہی کہ جاسکتا ہے۔ ہرانسانی کتاب خواہ وہ ایک بڑا شاہکار ہی کیوں نہ ہو تحقیق ومطالعہ کیلئے اپنے اندر محدود استعداد اورختم ہوجانے والی وسعت رکھتی ہے اوراس کتاب کے تمام نکات کوواضح کرنے کیلئے چند ماہرین کافی ہوسکتے ہیں لیکن قرآن نے جن پر گزشتہ چودہ صدیوں کے دوران ہمیشہ سینکڑوں ماہرین تحقیق کام کرتے ہے یہ ثابت کردیاہے کہ تحقیق واجتہاد کے نقطہ نظر سے وہ بے پناہ استعداداورو سعت اپنے اندر رکھتا ہے قرآن اس اعتبار سے فطرت کے مانند ہے کہ جس قدر فکر ونظر وسیع تر اورعمیق تر ہوتی چلی جاتی ہے قرآن کے مضامین میں تحقیقات ومطالعہ کی پنہائی اورزیادہ وسیع ہوتی چلی جاتی ہے اورنئے سے نئے راز سامنے آتے

چلے جاتے ہیں۔مبداء ومعاد حقوق فقہ اخلاقی تاریخی قصص اور طبیعات سے متعلق جن مسائل کا ذکر قرآن میں آیا ہے اگر ان کا دقیق مطالعہ کرنے کے بعد چودہ صدیوں کے دوران ابھرنے والے اور پرانے ہوجانے والے نظریات کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو حقیقت پوری طرح روشن ہوجائے گی۔

فکر ونظر خواہ کتنی ہی ترقی کرجائے اور وسیع تر عمیق تر ہوجائے وہ خود کو قرآن کے ساتھ ہم آہنگ پائے گی۔حقیقت یہ ہے کہ آسمانی کتاب کو جو ایک باقی رہنے والے معجزہ ہے ایسا ہی ہونا چاہیے۔

قرآن کے نزدیک سب سے بڑا دشمن جمود اور ایک خاص زمانے اور متعین مرحلے کے دانش پر انحصار کرنا ہے جیسا کہ علوم فطرت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ یہ تھی کہ ہمارے علماء یہ سمجھتے تھے کہ فطرت کا علم وہی ہے جو ماضی میں ارسطو اور افلاطون وغیرہ جیسے افراد نے ترتیب دیا ہے۔

قرآن کے مفاہیم ہر زمانہ کے لوگو کیلئے تر وتازہ ہیں

قرآن کریم حتیٰ کہ خود رسول اکرمؐ کے جامع کلمات اپنے اندر تحقیق وکاوش کی بے پناہ وسعت رکھتے ہیں۔اس لئے نظروں کو محدود ہوکر نہیں رہ جانا چاہیے۔اول روز سے اسلام کے عظیم رہبرؐ کی توجہ اس جانب رہی ہے اور آپ اسے اپنے اصحاب کے گوش گزار کرتے رہے ہیں۔ رسول اکرمؐ نے بار بار اپنے کلمات میں اس نکتہ کی طرف توجہ دلائی ہے کہ قرآن کو ایک خاص زمانے کی دانش وبینش کے ساتھ محدود نہ کرو۔آپؐ نے فرمایا:

’’قرآن کا ظاہر خوبصورت اور اس کا باطن عمیق ہے جس کی ایک حد ونہایت ہے پھر اس کے اوپر ایک اور حد ونہایت ہے اس کے عجائیبات کبھی ختم نہیں

ہوں گے اور اس کی تازگیوں پر کبھی پژمردگی طاری نہیں ہوگی۔[1]

امام صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا:

یہ کیا راز ہے کہ قرآن کو لوگوں کے درمیان جس قدر پھیلایا جاتا ہے اور اسے پڑھا جاتا ہے اور اس کے بارے میں بحث وفکر کی جاتی ہے اسی قدر اس کی طراوت وتازگی میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے؟

امامؑ نے جواب دیا:

''ایسا اس لئے ہے کہ قرآن کو ایک خاص عہد وزمان کیلئے اور کسی خاص قوم کیلئے نازل نہیں کیا گیا ہے، قرآن تمام زمانوں کیلئے اور تمام انسانوں کیلئے ہے۔ اس اعتبار سے ہر وہ زمانے میں جدید ہے اور تمام لوگوں کیلئے ہر وقت تازہ ہے۔''[2]

رسول اکرمؐ جب اپنی احادیث کو ٹھیک ٹھیک یاد کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کی تاکید فرماتے تھے تو اس میں یہ خاص نکتہ پوشیدہ تھا کہ شاید جس شخص نے آپؐ سے براہ راست آپ کی احادیث کو سنا ہو تفقہ سے بہرہ مند ہوا اور وہ کسی صاحب دانش وبینش تک انہیں منتقل کرنے کیلئے محض ایک رابطے کا کام دے یا پھر جو شخص آپ سے احادیث سنے وہ تفقہ سے بہرہ مند ہو لیکن اس کے ذریعہ جس شخص تک آپ کی کوئی

---

[1] ظاهره انيق وباطنه عميق له تخوم وعلى تخومه لاتحصى عجائبه ولاتبلى غرائبه (اصول کافی، ج2 ص599)

[2] مابال القرآن لايزيد بالنشر والدراسته الاغضاضة؟ قال (ع) لانه لم لزمان دون زمان ولالناس دون ناس ولذالك ففي كل زمان جديد وعند كل ناس غض (عیوان اخبار الرضا۔ چاپ سنگی ص239)

حدیث پہنچے وہ حدیث پہنچانے والے سے زیادہ تفقہ کا مالک۔[1]

تاریخ سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ بعد کے زمانوں میں آنحضورؐ کی احادیث مفاہیم ومطالب کے سمجھنے میں پہلے سے زیادہ تفقہ سے کام لینے کی ضرورت پیش آئی۔

اجتہاد کی اضافیت

ترقی وتکمیل کی طرف مسلسل بڑھنے والی دانش وبینش کا اثر کسی جگہ اس قدر محسوس نہیں کیا جاسکتا جس قدر کہ فقہی مسائل میں اسے دیکھا جاسکتا ہے۔ فقہ اسلامی پر کئی دور گزر چکے ہیں ہر دور میں ایک خاص طرز فکر اور ایک خاص دانش حکم فرما رہی ہے۔ آج کے استنباط کے قواعد اور اصول ہزار سال اور سات سو سال پہلے کے قواعد واصول سے مختلف ہیں۔ ایک ہزار سال پہلے کے علماء جیسے شیخ طوسی یقیناً ایک ممتاز مجتہد رہے ہیں اور لوگوں نے ان کی جو پیروی وتقلید کی ہے وہ صحیح ہے قدیم علماء کا طرز فکر ان کی ایسی کتابوں سے واضح ہے جو فقہ خصوصاً فقہ پر لکھی گئی ہے۔

شیخ طوسی کی اصول فقہ پر بعض کتابیں ان کے طرز تفکر کو بخوبی ظاہر کرتی ہیں۔ یہ کتابیں آج بھی موجود ہیں۔

حالیہ ادوار کے فقہا پر نظر ڈالیں تو یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ وہ سابق طرز تفکر منسوخ ہوگیا ہے۔ اس لئے کہ جدید تر عمیق تر اور وسیع تر دانش نے پرانے طرز فکر کی جگہ حاصل کر لی ہے جیسا کہ موجودہ دور میں سائنس، نفسیات اور قانون کے شعبوں میں علم ودانش نے فقہی مسائل میں زیادہ گہرائی کے امکانات پیدا کر دیئے ہیں۔

---

[1] نصر الله عبداً سمع مقالتی فوعاها وبلغها من لم سیمعها فرب حامل فقه غیر فقیه ورب حامل فقه الی من هو افقه منه (اصول کافی، ج1 ص402)

اگر کوئی شخص یہ پوچھے کہ کیا اس سابق عہد کے علماء اپنے اس وقت کے تفقہ اور طرز فکر کے ساتھ مجتہد کے مقام پر فائز رہے ہیں؟ اور کیا وہ اس بات کے مستحق تھے کہ عوام ان کی تقلید کرتے اور ان کے تفقہ کو اسلامی ضوابط کی تشخیص و تدوین کا اہل اقرار دیتے؟ ان سوالات کا جواب اثبات میں دیا جائے گا۔

پھر اگر یہ سوال کیا گیا کہ موجودہ دور میں اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ چوتھی اور پانچویں صدی کے بعد کی تمام کتابیں اور تالیفات اور آثار کو جوں کا توں قبول کر لے اور خود کو پانچویں صدی میں فرض کرے اور شیخ طوسی جیسے علماء نے جن کتابوں کا مطالعہ کیا تھا ان ہی کا وہ بھی مطالعہ کرے اور وہ طرز فکر اور وہی تفقہ اپنے اندر پیدا کرے جو ان علماء نے اپنے اندر پیدا کیا تھا تو کیا وہ مجتہد کہلا سکے گا اور لوگوں کو یہ حق حاصل ہوگا کہ اس کی تقلید کریں؟ اس کا جواب نفی میں دیا جائے گا۔ آخر ایسا کیوں؟ اس شخص کے درمیان اور پانچویں صدی کے لوگوں کے درمیان کیا فرق ہے؟

فرق یہ ہے کہ ان علماء نے جس دور میں زندگی بسر کی تھی اس کی دانش و بینش اسی دور کے لئے تھی۔ یہ شخص ایسے عہد میں زندگی بسر کر رہے ہیں جس میں ماضی کے اس طرز فکر و تفقہ کی جگہ ایک جدید تر طرز تفکر اور تفقہ نے لے لی ہے اور ماضی کا وہ طرز تفکر اب منسوخ ہو چکا ہے۔

اس سے یہ بات بخوبی سمجھی جا سکتی ہے کہ اجتہاد ایک اضافی اور تکاملی مفہوم رکھتا ہے اور ہر دور ایک مخصوص دانش و بینش پیدا کرتا ہے۔ یہ اضافت دو چیزوں سے ختم ہو جاتی ہے۔ کشف و تحقیق کے لئے اسلامی سرچشموں کی بے پایان وسعت و صلاحیت اور دوسرے انسانی افکار اور علوم طبیعی کی تکمیل خاتمیت کا سب سے بڑا راز یہی ہے۔

❁❁❁❁❁